ICI PAKISTAN LTD.

# ہمقدم


آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ پبلی کیشن کا سہ ماہی جریدہ

جلد نمبر ۹ شمارہ نمبر ۱ جنوری تا مارچ ۲۰۱۹


A Part of YBG





## روشنی کا سفر:

# ونگٹن ہسپتال میں 300واں آئی کیمپ

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش بزنس کی معاشرے کے مختلف شعبہ جات میں پر خلوص فلاحی خدمات کی ایک طویل تاریخ ہے۔ جنوری 2019 میں سوڈا ایش بزنس نے ایل آر بی ٹی کے اشتراک سے ونگٹن ہسپتال میں 300واں آئی کیمپ لگایا جو آئی سی آئی پاکستان فاؤنڈیشن کی جانب سے معاشرے کی خدمت کی ایک روشن مثال ہے۔

گزشتہ 27 سالوں میں ہمارے آئی کیئر پروگرام کے تحت 154,000 سے زیادہ او پی ڈی مریضوں کو مفت علاج کی سہولت فراہم کی گئی جب کہ 17,500 سے زیادہ آپریشن کئے گئے اور 30,900 سے زیادہ مریضوں کی نظر کا جائزہ لیکر انھیں نظر کے چشمے تجویز کئے گئے۔ مقامی معاشرے کی مدد اور دیکھ بھال کے سلسلے میں آئی سی آئی پاکستان فاؤنڈیشن کا یہ رویّہ ایک مثالی اقدام ہے کہ کھیوڑہ جیسے دور دراز علاقے میں آنکھوں کے علاج کی معیاری اور بلامعاوضہ سہولت بہم پہنچائی گئی ہے۔ ان خدمات سے نہ صرف مقامی کمیونٹی کے افراد کو فائدہ پہنچا بلکہ ملک کے دور دراز علاقوں سے بڑی تعداد میں لوگ آئی کیمپ سے استفادہ کرنے آتے ہیں۔ واضح رہے کہ یہ کیمپ ماہانہ کی بنیاد پر لگائے جاتے ہیں۔

اس تقریب میں علاقے کی معروف شخصیات کے علاوہ سوڈا ایش بزنس کی سینئر انتظامیہ اور اسٹاف نے بھی شرکت کی۔ تقریب میں مریضوں کے علاوہ گردونواح کے علاقوں سے دیگر کئی لوگ آئے جس سے تقریب میں اجتماعیت کا ایک خوشگوار تاثر پیدا ہوا اور اسٹیک ہولڈرز کے درمیان ایک نیک مقصد کیلئے اتحاد و اتفاق کا مظاہرہ دیکھنے میں آیا۔

روشنی کا سفر آنکھوں کی دیکھ بھال اور علاج کے پروگرام کی شکل میں روشنیاں بکھیر رہا ہے۔ اسی طرح معاشرے کی فلاح کیلئے آئی سی آئی پاکستان فاؤنڈیشن اور آئی سی آئی کی سینئر انتظامیہ کے تعاون سے سوڈا ایش بزنس کی جانب سے فراہم کی جانے والی دیگر خدمات جیسے ہمقدم کلینک برائے ماں اور بچے کی صحت، پینے کے پانی کی مفت فراہمی، لیڈیز ویلفیئر سینٹر وغیرہ سے بھی لوگوں کی زندگیوں میں سہولتیں پیدا کی جا رہی ہیں۔

ماہ جنوری 2019 میں 300ویں آئی کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں حسب معمول مریضوں نے شرکت کی۔ مسلسل 27 سال سے جاری 300 ویں کیمپ کا انعقاد بذات خود ایک اہم سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔ چنانچہ اس حوالے سے ونگٹن اسپتال اور سوڈا ایش بزنس، کھیوڑہ کی ٹیم نے ایک پر وقار تقریب کا انعقاد کیا جس میں علاقہ معززین، چیئرمین یونین کونسل ملک فیاض اور ڈپٹی ڈائریکٹر ہیلتھ ڈاکٹر محمد علی نے خصوصی طور سے شرکت کی۔


















اس تقریب کے میزبان ڈاکٹر محمد راشد خان نے تمام مہمانوں کی آمد پر ان کا شکریہ ادا کیا اور روشنی کا سفر پروگرام کے بارے میں شرکاء کو آگاہ کیا۔ ورکس منیجر محمد عمر مشتاق نے اپنے خطاب میں آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے کھیوڑہ کمیونٹی کیلئے فلاحی پروگراموں کے بارے میں بتایا کہ یہ کمپنی کی پالیسی ہے کہ جہاں ہم کام کریں گے وہاں کے لوگوں کی فلاح و بہبود پر بھی توجہ دیں گے۔ ہمارا یہ 300 واں آئی کیمپ اس کی روشن مثال ہے۔

ڈپٹی ڈائریکٹر ہیلتھ ڈاکٹر محمد علی نے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے پروگرام کو بے حد سراہا اور شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا۔

یونین کونسل کے چیئر مین ملک فیاض نے اپنے خطاب میں کمپنی کی جانب سے فلاحی منصوبوں پر غور کرنے اور انھیں پایۂ تکمیل تک پہنچانے پر شکریہ ادا کیا۔ انھوں نے خاص طور سے حال ہی میں یونین کونسل کو دو عدد ہیوی ڈیوٹی جنریٹرز کے عطیے کا ذکر کیا کہ ان کی بدولت اب ہمارے علاقے کے لوگ لوڈ شیڈنگ کے دوران بھی پانی حاصل کر سکیں گے۔

300 ویں کیمپ میں آئے ہوئے مریضوں نے کمپنی کی جانب سے بلا معاوضہ اس سہولت کا شکریہ ادا کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ یہاں کیمپ کے دوران ڈاکٹر کے معائنے سے لیکر آپریشن تک اور اس کے بعد دیکھ بھال کا بہترین نظام موجود ہے۔ کمپنی انتظامیہ آپریشن کے مریضوں کو بمعہ ایک عدد تیماردار ایک رات قیام کی سہولت بھی مہیا کرتی ہے جس میں کھانے پینے کی سہولت بھی بغیر کسی معاوضے کے شامل ہے۔





اس موقع پر ونگٹن اسپتال کے اسٹاف کے عملے کی کارکردگی کو بھی شاندار الفاظ میں سراہا گیا کیونکہ اُن ہی کے تعاون سے روشنی کا یہ سفر جاری ہے۔ ان کی خدمات کے حوالے سے ایک علیحدہ اور سادہ سی تقریب میں انھیں یادگار شیلڈز بھی دی گئیں۔

300 ویں کیمپ کی تقریب کو شوشل میڈیا اور اخبارات میں بھی مناسب کوریج دی گئی۔









# پہچان رضاکاروں کا 137 بوتل خون کا عطیہ

## ہیں لوگ وہی جہاں میں اچھے      آتے ہیں جو کام دوسروں کے

رپورٹ: منصور عثمان خان (لرننگ اینڈ ڈیولپمنٹ)


فاطمید فاؤنڈیشن کئی دہائیوں سے پاکستان میں تھیلیسیمیا کے شکار غریب اور نادار مریضوں کیلئے خون کے عطیات فراہم کرنے کے حوالے سے معروف ترین نام ہے۔ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ بھی معاشرے کے مختلف طبقوں کی زندگیوں کو بہتر بنانے کیلئے صحت، تعلیم اور ماحول کے شعبہ جات میں خدمات انجام دے رہی ہے۔اس سلسلے میں معاشرے کو فلاحی خدمات کی فراہمی کیلئے گزشتہ سال "پہچان" کے نام سے ایک وسیع اور مربوط والینٹئر پروگرام کا آغاز کیا گیا ہے۔

گزشتہ سہ ماہی میں پہچان والنٹیئر پروگرام کے تحت ہمارے لائف سائنسز بزنس کی جانب سے کراچی، حطار اور راولپنڈی میں واقع دفاتر اور پلانٹس پر خون کا عطیہ دینے کی مہم فاطمید فاؤنڈیشن کے اشتراک سے شروع ہوئی جس میں مجموعی طور پر 137 بوتل خون کا عطیہ ہمارے رضاکاروں نے دیا۔

کراچی میں خون کا عطیہ دینے کی مہم کا آغاز 24 جنوری 2019 کو ہیڈ آفس سے ہوا جس میں لائف سائنسز بزنس کے ایچ ایس ای منیجر محمد سیف اللہ احمد نے بنیادی کردار ادا کیا۔اس سلسلے کا دوسرا کیمپ کراچی میں ہاکس بے پلانٹ پر منعقد کیا گیا۔ہیڈ آفس اور کراچی کے کیمپس کی کامیابی کے بعد کمپنی کے ذیلی ادارے سرن فارماسیوٹیکلز پرائیوٹ لمیٹڈ کی ٹیم نے بھی عطیہ خون کے کیمپس کی فاطمید فاؤنڈیشن پشاور کے ساتھ منصوبہ بندی کی چنانچہ پہچان والینٹئر پروگرام کے تحت فاطمید فاؤنڈیشن کے اشتراک سے حطار انڈسٹریل اسٹیٹ، کے پی کے میں واقع سرن پلانٹ پر خون کے عطیہ کا ایک کیمپ قائم کیا۔ فاطمید فاؤنڈیشن کی جانب سے سات ممبرز پر مشتمل ٹیم ٹیکنیکل سازوسامان کے ساتھ 22 مارچ 2019 کو صبح 8.30 بجے پلانٹ پر پہنچ گئی۔انہوں نے خون کا عطیہ دینے والوں کے لئے اپنا سیٹ اپ نصب کیا۔اس مہم میں خواتین اسٹاف نے بھی شرکت کی۔صائقہ ریاض اور عائشہ آفتاب نے پورے اسٹاف کو خون کا عطیہ دینے پر آمادہ کیا جب کہ پروڈکشن سے سیدہ مہوش نے خواتین کے خون کا عطیہ حاصل کرنے میں فاطمید فاؤنڈیشن ٹیم کی مدد کی۔خون کے عطیہ کی یہ مہم شام 4.00 بجے اختتام پذیر ہوئی اور اس کیمپ میں 58 بوتل خون کا عطیہ جمع ہوا۔

اس حوالے سے خون کے عطئیے کی دوسری مہم 29 مارچ کو سرن ہیڈ آفس راولپنڈی میں منعقد کی گئی۔یہاں بھی سرن اسٹاف کے علاوہ بلڈنگ میں موجود دیگر دفاتر کے لوگوں نے بھی اس فلاحی کام میں حصہ لیا اور فاطمید فاؤنڈیشن کو خون کا عطیہ دیا۔


















عطیہ خون کا چارٹ حسب ذیل ہے:

| | | |
|---|---|---|
| .1 | کراچی ہیڈ آفس | 46 |
| .2 | کراچی ایچ بی پلانٹ | 30 |
| .3 | سرن پلانٹ حطار | 58 |
| .4 | سرن ہیڈ آفس راولپنڈی | 35 |
| | | 169 |

واضح رہے کہ ایک بوتل عطیہ خون تین افراد کیلئے خون کی ضرورت پوری کرتا ہے۔ چنانچہ ہم کہہ سکتے ہیں کہ ہمارے رضا کاروں نے 137 بوتل خون کا عطیہ کر کے 400 سے زائد مریضوں کی مدد کی۔ اس مہم میں حصہ لینے والے رضا کاروں کا کہنا تھا کہ ہمیں نہایت خوشی کا احساس ہو رہا ہے ہم کسی کی مدد کر رہے ہیں اور ایک اچھے کام میں حصہ لے رہے ہیں۔

اجتماعی سماجی ذمہ داری کی اس سرگرمی کو پرنٹ میڈیا نے بھی کور کیا۔ ہم اپنے پروگرام پہچان کے تحت خون کا عطیہ جمع کرنے کی اس سرگرمی کو وقتاً فوقتاً جاری رکھنے کیلئے پرعزم ہیں۔















# ٹائیفائیڈ سے بچاؤ کے ٹیکے




ٹائیفائیڈ بخار ایک متعدی بیماری ہے جو متاثرہ مریض سے دوسروں کو بہت تیزی سے لگ جاتی ہے۔ گزشتہ دنوں کراچی میں 3400 سے زائد افراد اس کا شکار ہو گئے۔ اس سے تحفظ صرف اسی صورت میں ہو سکتا ہے کہ آپ حفاظتی ٹیکے لگوائیں اور صفائی ستھرائی کا خیال رکھیں۔

اس حوالے سے ہیڈ آفس اور ایچ بی پلانٹ پر کمپنی کی جانب سے ٹائیفائیڈ کے حفاظتی ٹیکے چغتائی لیب کے تعاون سے تمام اسٹاف کو لگوائے گئے۔

















# ٹبی ہریہ اسکول کیلئے پولیئسٹر سائٹ پر اسپورٹس ڈے

تحریر: محمد بابر سرفراز




آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ پولئیسٹر بزنس نے ہمیشہ اپنے ارد گرد کے علاقوں کی فلاح میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ ان فلاحی کاموں کا مرکز تعلیم، ماحولیات اور صحت کی سہولتیں ہیں، جن پر ہم بھرپور توجہ دے رہے ہیں۔ اس دائرۂ کار میں آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ پولیئسٹر بزنس نزدیکی واقع ٹبی ہریہ اسکول کی بہتری کیلئے کام کررہا ہے جس کے لئے سرگرمیوں کا ایک کلینڈر تیار کیا گیا ہے۔ اس کلینڈر کے مطابق طبی ہریہ اسکول کے طلبہ کیلئے مہینے میں کم از کم ایک سرگرمی کا انعقاد لازمی کیا جاتا ہے۔

اس سلسلے میں آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ پولیئسٹر سائٹ پر ٹبی ہریہ اسکول کیلئے سالانہ اسپورٹس ڈے کا اہتمام کیا گیا۔ یہ پروگرام بدھ 27 فروری کے چمکتے دن میں ہوا جس میں اس اسکول کے تمام طلبہ کو شرکت کی دعوت دی گئی۔ طلبہ کیلئے پلانٹ کے ایک مختصر دورے کا بھی انتظام کیا گیا تا کہ صنعتی علاقہ کے بارے میں ان کی آگہی میں اضافہ ہو۔ طلبہ نے پلانٹ میں مختلف مشینوں اور آلات کو دیکھ کر حیرت، خوشی اور دلچسپی کا اظہار کیا۔ پلانٹ کے دورے کے بعد طلبہ کو مختلف گروپس میں تقسیم کر دیا گیا۔ ہر گروپ کیلئے انتظامیہ کے عملے کے ایک فرد کو رضاکارانہ نگران مقرر کیا گیا۔ طلبہ کے لئے چار قسم کے کھیلوں کے پروگرام ترتیب دیئے گئے اور بیک وقت دو اقسام کے کھیل ایک وقت میں منعقد ہوئے۔ تمام لڑکوں اور لڑکیوں نے مختلف قسم کے کھیلوں میں حصہ لیا اور اسی لحاظ سے جیتنے والوں کا انتخاب کیا گیا۔ لڑکیوں نے شروع سے ہی اپنی برتری قائم رکھی اور آخر میں سب سے زیادہ کیٹگریز میں جیتنے کا اعزاز حاصل کیا۔





کھیلوں کے اختتام کے بعد تقسیمِ انعامات کی ایک مختصر تقریب منعقد ہوئی جس میں جیتنے والوں کو انعامات دیئے گئے۔ تقسیمِ انعامات کی تقریب میں بڑی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی جن میں بزنس کے اعلیٰ افسران اور انتظامیہ کے افراد شامل تھے۔ ان میں نمایاں شخصیات اورنگزیب خان جدون، شاہد حمید، احمد جمال چیمہ، علی شجاع جعفری اور خواجہ صباح ظہور شامل تھیں جنہوں نے طلبہ میں انعامات تقسیم کیئے۔ رضاکاروں میں محمد بابر سرفراز، عثمان شریف اور معراج احسن قریشی طلبہ سے گھل مل گئے اور پوری تقریب کے بہترین انتظامات کیئے۔





اس تقریب میں طلبہ اور اسٹاف ممبرز نے بھی بھرپور شرکت کی۔ کھیلوں کی سرگرمیوں میں 120 سے زیادہ طلبہ نے حصہ لیا اور نہایت اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ اسٹاف ممبرز کو اس بات پر فخر تھا کہ انہوں نے معاشرے کیلئے ایک مثبت سرگرمی کا اہتمام کیا۔ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ پولیئسٹر بزنس ایسے مزید اقدامات کیلئے اور معاشرے کیلئے ہمیشہ ہر ممکن تعاون فراہم کرنے کیلئے پرعزم ہے۔





# ورلڈ واٹر ڈے

رپورٹ: راجہ غلام اکبر

پانی ایک بہت بڑی نعمت ہے جسکی وجہ سے زمین پر زندگی ممکن ہے۔ پانی سے ہماری زندگی تخلیق ہوئی اور اس کے بغیر زندہ رہنا ناممکن ہے۔ انسان کھانے کے بغیر زندہ رہ سکتا ہے مگر پانی کے بغیر زندہ رہنا مشکل ہے۔

ورلڈ واٹرڈے بین الاقوامی طور پر پانی سے متعلق مسائل کو اجاگر کرنے اور اسکے بارے میں آگاہی دینے کے لیے منایا جاتا ہے۔ اس سال بھی آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش میں ورلڈ واٹر ڈے منایا گیا۔ اس تقریب میں تمام سیفٹی امپرومنٹ ٹیمز نے بھی شرکت کی۔ اس دن کو منانے کا مقصد پانی کی اہمیت کے بارے میں شرکاء کو آگاہ کرنا تھا۔

سیفٹی مینجر رانا محمد عدیل نے تمام سٹاف کو پانی کی اہمیت کے بارے میں بتایا جس میں انھوں نے شرکاء کو بتایا کہ انسانی جسم 70 فیصد پانی سے بنا ہے اور پانی ہمارے لیے کتنا ضروری ہے کرہ ارض پر 3 حصے پانی اور ایک حصہ خشکی ہے مگر ان تینوں حصوں میں بھی کچھ فیصد پانی ہی پینے کے قابل ہے۔ مزید اس بات پر غور کیا گیا کہ ہم کس طرح سے پانی کو پلانٹ میں اپنے گھروں میں ضائع ہونے سے بچا سکتے ہیں۔ سیفٹی مینجر رانا محمد عدیل نے شرکاء کو ہدایت کی اگر ہم نہانے کے دوران پانی کم استعمال کریں، برش کرتے وقت نل کو بند رکھیں اگر ہم اپنی عادات بدل لیں تو پانی ضائع ہونے سے بچ سکتا ہے مزید ازاں پلانٹ ایریا میں اگر کوئی لیکج دیکھیں تو فوری رپورٹ کریں۔

اپنے خیالات کے اظہار کے بعد رانا عدیل نے مہمان خصوصی مینٹننس منیجر شاہد ممتاز کو بلوایا کہ وہ پانی کی اہمیت پر شرکاء سے اپنے خیالات کا اظہار کریں۔

مینٹننس منیجر شاہد ممتاز نے پانی کی اہمیت کے بارے میں شرکاء کو بتایا کہ پانی کا لیول پچھلے کچھ سالوں میں کتنا کم ہو گیا ہے انھوں نے کہا کی اگر ہم زیادہ دور نہ جائیں تو آج سے 4 سال قبل پانی کا لیول کچھ اور تھا اور اب کچھ اور ہے اور آنے والے مزید سالوں میں یہ اس سے بھی کم ہو جائے گا انھوں نے تمام شرکاء کو تلقین کی کہ وہ پانی کو بچائیں تا کہ ہماری آئندہ آنے والی نسلیں پانی کی قلت کے باعث مشکلات کا شکار نہ ہوں۔ انھوں نے سیفٹی مینجر رانا محمد عدیل کا شکریہ ادا کیا کہ وہ گاہے بگائے اس طرح کی تقاریب کرواتے رہتے ہیں جس سے لوگوں میں مزید آگاہی ہوتی ہے۔


آخر میں تمام رفقائے کار سے پانی کا تحفظ (SAVE THE WATER) پر عہد لیا گیا جس پر تمام شرکاء نے اپنے دستخط کیے۔












# سایہ ہوم بچوں کا کھیوڑہ کا دورہ







رپورٹ: ملک نوید افضل

سایہ ہوم یتیم اور لاوارث بچوں کا ایک فلاحی ادارہ ہے جس کا قیام 2014 میں عمل میں آیا۔

اس کے روح رواں کراچی کے ایک معروف شہری ہیں جنہوں نے یہ ادارہ جہلم میں قائم کیا، اس وقت اس میں تقریباً 20 کے قریب بچے رہائش اختیار کئے ہوئے ہیں جن کی تعلیم سے لیکر روز مرہ کی تمام ضروریات کا نہایت احسن طریقے سے خیال رکھا جاتا ہے۔ سایہ ہوم کے بچوں کی خاص اور نمایاں بات یہ ہے کہ تمام کے تمام بچے سٹی اسکول جیسے معیاری ادارے میں تعلیم حاصل کر رہے ہیں اور ایک دن اس ملک میں اپنا اور اپنے ادارے کا نام روشن کریں گے۔





گزشتہ دنوں ادارے کے منتظم تقی شاہ اور دیگر عملے کے ہمراہ ان بچوں نے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کھیوڑہ کا دورہ کیا اور ایک دن کھیوڑہ میں گزارا۔ بچے جب کھیوڑہ پہنچے تو ونگٹن کلب کی بچوں کیلئے کھیلوں کی سہولتوں کو دیکھ کر بے حد خوش اور لطف اندوز ہوئے اور کافی دیر تک اپنی دلچسپی کی سرگرمیوں میں حصہ لیا۔ بچوں کیلئے ریفریشمنٹ اور دوپہر کے کھانے کا بھی انتظام تھا جس کے بعد بچے کلر کہار کے دورے پر نکل گئے۔ وہاں بھی ان کی دلچسپی کی بہت ساری چیزیں تھیں جیسے جھولے، بوٹ رائڈ وغیرہ۔ شام ڈھلے بچوں نے واپسی کا سفر اختیار کیا اور خیریت کے ساتھ واپس سایہ ہوم پہنچ گئے۔ بچوں کا کہنا تھا کہ ہم نے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کا سوڈا ایش کا پلانٹ دیکھا اور وہاں موجود کھیلوں کی سہولتوں سے بہت لطف اندوز ہوئے۔

سایہ ہوم کے منتظم تقی شاہ نے کہا کہ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کھیوڑہ کی ٹیم نے ہمارے بچوں کی شاندار مہمان نوازی کی ہے جس کو بچے ہمیشہ یاد رکھیں گے۔ میں آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی انتظامیہ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے ان بچوں کیلئے اس تفریحی دورے کا بندوبست کیا۔





کارپوریٹ

# محمد یونس ٹبا۔ ستارۂ امتیاز

یونس برادرز گروپ کے چیئر مین محمد یونس ٹبا کو حکومت پاکستان کی جانب سے ان کی کاروباری اور سماجی خدمات کے اعتراف میں ستارۂ امتیاز دیا گیا۔ یاد رہے یہ پاکستان کا تیسرا بڑا سول ایوارڈ ہے۔ ایوارڈ دینے کی پر وقار تقریب 23 مارچ کو کراچی میں گورنر ہاؤس میں منعقد کی گئی۔ واضح رہے کہ محمد یونس ٹبا، یونس برادرز گروپ کے تاسیسی رکن ہیں۔ جبکہ وہ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے چیئر مین بھی رہ چکے ہیں۔

ہمیں فخر ہے کہ ہم ایک ایسے گروپ کے ساتھ منسلک ہیں جس کے لوگوں کی پیشہ ورانہ اور سماجی خدمات کو حکومت قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔



# اداریہ

## عزیز ساتھیو!

ہمقدم کا نیا شمارہ آپ کے ہاتھ میں ہے۔ یوں تو آپ کی دلچسپی کی سب سے زیادہ خبر چارٹر آف دیمانڈ کی منظوری اور معاہدے پر دستخطوں کی تقریب ہے لیکن اس سے بھی بڑھ کر ہماری پولیئسٹر پلانٹ کی ٹیم نے اس سہ ماہی میں نہایت شاندار کامیابیاں حاصل کی ہیں۔ انھوں نے نہ صرف سپر وہائٹ پروڈکٹ بنائی ہے جس کے معیار کو امریکہ میں نہایت پسند کیا جارہا ہے اور اب ہم امریکہ کو سپر وہائٹ فائبر ایکسپورٹ کرنے جارہے ہیں۔ اس کے علاوہ ہماری پولیئسٹر پلانٹ کی ٹیم نے نو بنک 5 ڈاؤن کی کامیابی کا جشن بھی منایا۔ اس کے ساتھ ساتھ پاور جن کی ٹیم کی شاندار کارکردگی کے بارے میں بھی آپ پڑھیں گے کہ ٹربو چارجرز کو خود اوورہال کرتے ہیں جو کہ یقیناً ایک مثالی کام ہے۔

اپنا اور اپنے اردگرد رہنے والوں کا اس یقین کے ساتھ خیال رکھیں کہ اوپر والا ہمارا خیال رکھے گا۔

ایڈیٹر۔ عبدالغنی
abdul.ghani@ici.com.pk
Tel: 021-32318148, 32314646
Cell: 0300-8238751

ہمقدم ایک سہ ماہی رسالہ ہے جو آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے اسٹاف کیلئے شائع کیا جاتا ہے۔ رسالہ میں شامل کسی بھی آرٹیکل کی اشاعت یا استعمال کیلئے اجازت لینا ضروری ہے۔

برائے رابطہ:
کارپوریٹ کمیونیکیشنز اینڈ پبلک افیئرز ڈیپارٹمنٹ
آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ، 5 ویسٹ وہارف، کراچی 74000
ccpa.pakistan@ici.com.pk

# کام کی جگہ پر تحفظ کا عالمی دن

لیبر اینڈ ہیومن ریسورس ڈپارٹمنٹ پنجاب نے کارپوریٹ ایچ ایس ای اور پولیئسٹر بزنس کی ایچ ایس ای ٹیم کو "کام کی جگہ پر تحفظ اور صحت کیلئے عالمی دن کے موقع پر منعقدہ تقریب میں تقریر کیلئے مدعو کیا۔ تقریر کا موضوع تھا، "صحت اور تحفظ کے سلسلے میں آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے اعلیٰ ترین معیار کی جانب سفر"۔ اس کا مقصد کام کی جگہ پر پیشہ کے لحاظ سے صحت اور تحفظ کے کلچر اور پیشہ سے متعلق حادثات اور بیماریوں کی روک تھام کی کاوشوں کو فروغ دینا تھا۔ یہ آگاہی پیدا کرنے کی ایک مہم تھی جس کا مقصد دنیا بھر میں کام کے دوران میں زخمی ہو جانے، بیماریوں اور اموات کی صورتحال کے پیشِ نظر بین الاقوامی اور ملکی سطح پر پیشہ ورانہ تحفظ اور صحت کے شعبہ میں آنے والے نئے رجحانات پر توجہ دلانا تھی۔ محمد ظفر فرید (کارپوریٹ ایچ ایس ای مینجر) نے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ ایچ ایس ای مینجمنٹ سسٹم کے بارے میں ایک جامع پریزنٹیشن دی جس میں آئی سی آئی پاکستان میں آپریشن کے طریقۂ کار، کام کی جگہ پر صحت اور تحفظ کیلئے بہترین معلومات، آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ میں UN Sustainable Development Goals پر عمل درآمد اور اپنے اسٹیک ہولڈرز کیلئے ایک پائیدار، صحت مند اور محفوظ مستقبل کی فراہمی کیلئے کمپنی کی پائیداری کے ایجنڈے اور کاوشوں کو واضح کیا گیا تھا۔








# کام کی جگہوں پر خواتین کی اہمیت

خواتین کے عالمی دن پر آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ نے کام کی جگہ پر صنف کے تنوع اور باہمی شمولیت کو اجاگر کیا۔

رپورٹ: صائقہ ارشاد اور سی سی پی اے

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ نے یکساں مواقع فراہم کرنے والے ادارے کی حیثیت سے صنف کے تنوع اور باہمی شمولیت کو فروغ دینے کے عزم اور اپنی متنوع افرادی قوت کی کارکردگی کی قدر کرنے پر ہمیشہ فخر کیا ہے۔

اپنے ایمپیکٹ پروگرام کے تحت کمپنی نے کام کی جگہ پر تنوع کے فروغ اور باہمی شمولیت کے اظہار کیلئے کئی اقدامات کئے ہیں جس میں خاص طور پر خواتین کی نمائندگی میں اضافہ پر خصوصی توجہ دی گئی ہے۔

8مارچ2019کو آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ نے عالمی سطح پر منائے جانے والے انٹرنیشنل ویمن ڈے (IWD) کی پیروی میں اس کے موضوع "Balance for Better" کے ساتھ منانے کا اہتمام کیا۔ اس سال خواتین کے عالمی دن کی مہم کے موضوع پر تمام کاروباری اداروں، حکومتوں اور دیگر اسٹیک ہولڈرز نے زیادہ پائیدار اور باہمی ترقی کیلئے متوازن صنف پر مبنی دنیا کی تشکیل کیلئے اجتماعی طور پر اپنا کردار ادا کرنے کا عزم ظاہر کیا۔

اس سلسلے میں مختلف سائٹس پر ہمارے ساتھیوں کو موقع دیا گیا کہ وہ اپنے اردگرد اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والی خواتین کے اعتراف میں 'IWD Comment Wall' پر اپنے خیالات کا اظہار کریں۔ اس کے علاوہ کمپنی نے ایک سوشل میڈیا مہم کا بھی اہتمام کیا جس میں کمپنی کے تنوع اور باہمی شمولیت کے عزم کو اجاگر کیا گیا ہے اور خواتین کو بااختیار بنانے اور مساوی صنف کیلئے ایمپلائز اور کمیونٹی کیلئے کئے گئے اہم اقدامات کو نمایاں کیا گیا۔ اس کے مطابق لیگل، سی سی پی اے اور ایچ آر ٹیمز کے درمیان ایک گول میز اجلاس کا اہتمام بھی کیا گیا جس میں کمپنی کے تنوع اور باہمی شمولیت کے وسیع تر ایجنڈے پر گفت و شنید ہوئی اور کام کی جگہ پر ہراساں کرنے اور خصوصی افراد سے متعلق قوانین کے بارے میں بھرپور آگہی فراہم کی گئی۔

حطار پلانٹ پر بھی ایک تقریب کا انعقاد ہوا جس میں تنوع اور باہمی شمولیت کے موضوع پر اظہارِ خیال اور گفتگو کا موقع دیا گیا۔ موضوع کے اعتبار سے جگہ جگہ چمکدار ارغوانی اور سفید غباروں، سیلفی فریمز اور تنوع اور باہمی شمولیت سے متعلق سلوگن کے پلے کارڈز سے سجاوٹ کی گئی۔ اس موقع پر خصوصی طور پر تیار کیا گیا کیک کاٹا گیا اور کمپنی کی ترقی میں معاون تمام کارکن خواتین میں تحفے تقسیم کئے گئے۔














'Eat and Win Challange' اور 'ٹی پارٹی' جیسی سرگرمیوں نے مسکراہٹوں اور جوش وخروش میں کچھ اور اضافہ کر دیا اور تمام شرکاء نے اس کا بھرپور لطف اٹھایا۔














کارپوریٹ

# کھیوڑہ آوٹ بریک

رپورٹ: خرم فرید

سی سی پی اے، لیگل اور کمپنی سیکریٹریٹ تینوں ڈیپارٹمنٹ کا نوشین احمد کی سربراہی میں مشترکہ طور پر ٹیم میٹنگ اور کھیوڑہ آوٹ بریک کا پروگرام بنا۔ تمام انتظامات بہت اچھے طریقے سے ترتیب دیئے گئے تھے جن میں تمام افراد کو گھر سے لیکر واپسی میں گھر ڈراپ کروانے تک کا عمل شامل تھا جو اس طرح تشکیل دیا گیا تھا کہ تینوں ٹیموں کو پورے پروگرام میں کسی بھی قسم کی پریشانی کا سامنا نہیں کرنا پڑا۔















تمام افراد بے حد پر جوش تھے کیونکہ زیادہ تر افراد کا کھیوڑہ جانے کا یہ پہلا تجربہ تھا ہم سب جمعہ کی صبح 6 بجے کراچی ایئر پورٹ پہنچ گئے وہاں 7 بجے کی فلائٹ سے سب اسلام آباد ایئر پورٹ پہنچے اس کے بعد بذریعہ کوسٹر ہم کھیوڑہ روانہ ہوئے موسم تھوڑا گرم تھا اور کھیوڑہ کا راستہ بھی تھوڑا دشوار تھا 1 بجے ہم کھیوڑہ گیسٹ ہاوس آ چکے تھے۔ نماز کا وقت تھا تو تمام افراد نے نماز ادا کرنے کے بعد کھانا کھایا۔ جو کہ بہت اچھا تھا۔ اس کے بعد ہم سب کے لئے سب سے زیادہ معلوماتی اور کھیوڑہ جانے کے مقصد کا وہ وقت آیا جب ہمیں سوڈا ایش پلانٹ کے بارے میں تفصیلی معلومات دی گئیں کمیونٹی منیجر ذیشان احمد نے اس معلوماتی اجلاس کا آغاز کیا جس میں ہمیں پلانٹ اور کھیوڑا کے بارے میں اہم معلومات فراہم کی گئی اور مختلف جگہوں کا دورہ بھی کروایا کہ کس طرح سوڈا ایش پلانٹ پر کام ہوتا ہے یہ سب جاننے کے بعد ہم کو اندازہ ہوا کے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ اس بزنس میں بہت اچھا کام کر رہی ہے اور نہ ہی صرف بزنس میں اچھا کام کر رہی ہے بلکہ وہاں کے کمیونٹی کے لوگوں کے لئے بھی بہت سہولیات فراہم کر رہی ہے جس میں لیڈیز ویلفیئر سینٹر، ونگنگٹن اسپتال، ونگنگٹن اسکول اور الکلی اسپورٹس کلب وغیرہ شامل ہیں۔ اس کے بعد ہمیں تھوڑا آرام کرنے کا ٹائم دیا گیا تو تمام افراد اپنے اپنے کمروں میں گئے جو کہ بہت صاف ستھرے تھے۔ رات میں تمام افراد کے اعزاز میں عاقل کریم ایچ آر منیجر، کھیوڑہ کی جانب سے ونگنگٹن کلب میں ڈنر کا اہتمام کیا گیا تھا۔ ونگنگٹن کلب کا ماحول اور انتظام بہت اچھا ہے۔ کھانے بہت لذیز تھے جن سے سب نے بہت لطف اٹھایا پھر وہاں کی لائبریری اور اسپورٹس کلب کا بھی وزٹ کیا اور ساتھ ساتھ کچھ گیم بھی کھیلے۔ اگلی صبح ناشتے کے بعد انگیجمنٹ سروے کا سیشن تھا جس میں تمام لوگوں نے اپنی اپنی رائے کا اظہار کیا کہ کس طرح ہم سب ایک ٹیم کی شکل میں کام کر کے کام کو بہتر بنا سکتے ہیں اسکے ساتھ ساتھ سب کو ایک دوسرے سے تعارف کروانے کا بھی موقع ملا۔ دوپہر کے کھانے کے بعد سب نمک کی کان کی جانب روانہ ہوئے وہاں جا کر ہم نے کان کی سیر کی جو کہ بہت حیرت انگیز اور دلچسپ تھی گائیڈ نے ہمیں بہت سی اہم معلومات فراہم کیں۔ ہم سب نے وہاں سیلفیاں بھی بنائیں اور خوب انجوائے کیا۔ اگلے دن ہم سب نے صبح کا ناشتہ حلوہ پوری سے کیا اور پھر کٹاس مندر اور کلر کہار گئے جہاں ہم نے بوٹنگ کی اور سیلفیاں بنائیں۔ کٹاس مندر واقعی ایک تاریخی مقام ہے اور اپنے اردگرد کے ماحول اور عمارت کی طرز تعمیر کی وجہ سے ایک شاہکار ہے۔ اب ہم سب کو ایئر پورٹ جانا تھا کیونکہ 7 بجے کی فلائٹ سے ہمارا واپسی کا سفر طے تھا۔

کھیوڑہ کی سیر بہت یادگار رہی جس میں سیر و تفریح کے ساتھ ساتھ ہمیں معلومات بھی حاصل ہوئیں اور ایک دوسرے کو جاننے کا بھی موقع ملا۔ آخر میں کمپنی سیکریٹری نوشین احمد کا شکریہ جن کی وجہ سے تمام ڈیپارٹمنٹ اس تفریحی اور معلوماتی دورے سے استفادہ حاصل کرپائے۔





















## جدت طرازی، وقت کی ضرورت

# پولیئسٹر پلانٹ پر سپر وہائٹ پروڈکٹ کا کامیاب تجربہ






رپورٹ: فاروق شریف / علی حیدر اعوان

جب بھی ٹیم اور یکجہتی کی بات ہوتی ہے، آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے پولیئسٹر کے ایمپلائز کا نام سب سے پہلے آتا ہے۔ انہوں نے ہر مشکل مرحلے کے مقابلے کیلئے باہمی اتحاد کے ساتھ بہترین نتائج فراہم کئے ہیں۔ چاہے وہ بیچ پولیمر کیلئے نیو ہیٹ ایکسچینجر پروجیکٹ کا معاملہ ہو یا قابل اطمینان طریقے سے شٹ ڈاؤن کا مرحلہ، ٹیم پولیمر نے ہمیشہ کامیابی کے ساتھ انجام دیا ہے۔

جدّت کی اقدار پر عمل کرتے ہوئے، پولیئسٹر پلانٹ پر ایک منفرد نظام کے ذریعہ سپر وہائٹ فائبر کی تیاری کا تجربہ کیا گیا۔ یہ تجربہ یو ایس اے کے درآمد و برآمد کے ایک ممتاز کسٹمر کی درخواست پر کیا گیا جس نے ہماری فائبر کی خریداری میں گہری دلچسپی ظاہر کی بشرطیکہ ہم پہلے اس کا کامیاب تجربہ کرلیں۔ چنانچہ تجربہ کیلئے ٹیمیں تیار کی گئیں اور نہایت باریک بینی سے اس کا پلان تیار کیا گیا۔

اصل مشق سے پہلے کئی ابتدائی مشقیں کی گئیں تاکہ سپر وہائٹ پروڈکشن کے دوران میں ہر چیز پوری طرح آراستہ ہو۔ ان مشقوں میں لیول ٹرانسمیٹر ڈپ لیگ کے ذریعہ فنیشرری ایکٹر میں عامل تبدّل (Catalyst) کا اضافہ شامل ہے جس سے فنیشر لیول اور ویکیوم پر اس کے اثر کو چیک کیا جائے۔ اصل مشق سے پہلے آئندہ کیلئے کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے منصوبے بھی تیار کئے گئے اور سب نے ان پر تبادلہ خیال کیا۔ دوروزہ مشق کیلئے ہفتوں پلاننگ اور تیاری کی گئی۔

اس کا سب سے دلچسپ حصہ یہ ہے کہ موجود طریقہ کار میں سوائے آمیزے کے بلینڈ کے کوئی تبدیلی نہیں کی گئی جو مطلوبہ پروڈکٹ کی تیاری کیلئے میٹر کے مطابق مقدار میں شامل کیا گیا۔ آمیزے کا آغاز منگل 26 فروری کو ہوا۔ کسی بھی فوری ضرورت کیلئے مینٹننس کی ٹیمیں تیار موجود تھیں جب کہ پروسیس ٹیم بھرپور توجہ کے ساتھ مشق کی کامیابی کیلئے دعا کررہی تھی۔ نائٹ شفٹ ٹیم بھی مارننگ شفٹ ٹیم کی طرح مکمل طور سے ہوشیار تھی اور معمول کے معیار کی نگرانی اور جانچ میں مصروف تھی۔

تقریباً دو دن کی سخت کوشش کے بعد پولیمر ٹیم نے اپنا کام بخوبی انجام دیا اور اس کے بعد فائبرز ٹیم کی باری تھی جس نے اپنے ذمہ کا کام کو مکمل کیا۔ لیب ٹیسٹنگ سے یہ ثابت ہوگیا کہ سپر وہائٹ پروڈکٹ اس تخصیص کے عین مطابق ہے جو اس کیلئے پہلے سے مخصوص کیا گیا تھا۔



اس مشق کی بڑی کامیابی یہ تھی کہ یہ بغیر کسی بڑی سرمایہ کاری کے انجام دی گئی تھی۔ ہر چیز پلانٹ کے ذرائع سے مہیا کی گئی۔ سپر وہائٹ ماسٹر بیچ ڈوزنگ ویسلز بیچ پولیمر سے تیار کئے گئے تھے۔ آمیزے کیلئے استعمال کئے گئے ایک اضافی پمپ کو بیچ مکسنگ اور ٹرانسفر پمپ کے طور پر استعمال کیا گیا۔ شاباش یہ ایک خوشی اور کامیابی کے احساس کا لمحہ تھا۔ اس شاندار موقع پر وسیم احمد قریشی (پروڈکشن منیجر، پولیئسٹر) اور فاروق شریف (پلانٹ منیجر، پولیمر) نے ہر ایک کو فرداً فرداً مبارکباد دی۔ ٹیم پولیئسٹر نے نہ صرف ایک کامیاب مشق کی بلکہ اس کے پورے طریقہ کار کے دوران میں نہ کوئی رکاوٹ پیش آئی اور نہ ہی اس کے کوئی خاص ذیلی اثرات نظر آئے۔

یہ مشق حکمت عملی کے لحاظ سے نہایت اہم تھی کیونکہ اس سے بین الاقوامی مارکیٹ میں پولیئسٹر میں تنوع پیش کرنے والے اہم پروڈیوسر کے طور پر آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی پہچان میں اضافہ ہوا۔

ہماری قابل فخر پولیئسٹر ٹیم! آپ نے ایک بار پھر بازی جیت لی۔

# آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی ٹیک ٹیکسٹائل میں شرکت

## امریکہ میں صفِ اول کا ٹیکسٹائل شو

رپورٹ: محمد حمزہ

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ نے موجودہ عالمی منظر نامہ کا فائدہ اٹھاتے ہوئے بین الاقوامی مارکیٹ میں اپنی موجودگی کو وسعت دینے کے عزم اور نئے تعلقات کی تلاش اور قائم کرنے کی خواہش کے مطابق حال ہی میں ہم ریلے (Releigh) شمالی کیلیفورنیا امریکہ میں منعقد ہونے والی ٹیکسٹائل نارتھ امریکہ 2019 میں شرکت کیلئے پہنچے۔ یہ امریکہ کے صفِ اوّل کا ٹیکسٹائل ٹریڈ شو ہے جو ٹیکسٹائل کی صنعت کے تمام ابھرتے ہوئے پہلوؤں کو یکجا کرتا ہے۔






اس ٹریڈ شو کے ذریعہ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کو اپنے برانڈ ٹیریلین کو بین الاقوامی سطح پر نمائش میں شامل کرنے کیلئے ایک پلیٹ فارم حاصل ہوا۔ اس کے علاوہ اپنے کئی بین الاقوامی پارٹنرز جیسے پارک ڈیل، یونیفائی مینوفیکچرنگ، میٹسوئی اینڈ موراٹا کے ساتھ گفت وشنید ہوئی جس سے موجودہ تعلقات کو مضبوط کرنے کا موقع ملا۔ اس کے علاقہ متوقع پارٹنرز جیسے گلڈن اینڈ ہینز اور کئی دوسرے معروف کلاتھنگ برانڈز سے ملاقاتیں ہوئیں اور مزید قابل قدر رابطے ہوئے جو آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کیلئے یقیناً بڑی مارکیٹوں تک رسائی کا سبب ہوں گے۔ ہمارے اینٹی مائکرو بئیل فائبر اور ٹیریلین کلین (ری سائیکلڈ PSF) ہماری انتہائی مشہور پراڈکٹس ہیں جو ان کے متوقع کسٹمرز سے بھی بالواسطہ رابطہ کا سبب بنیں۔

اس سے پہلے پاکستان کو ایسی بین الاقوامی تقریبات میں پوری طرح نمائندگی کرنے، شرکت کرنے اور مختلف بین الاقوامی کمپنیز سے رابطے کا بھرپور موقع نہیں ملا۔ اس تقریب میں آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ نے نہ صرف اپنی بہتر نمائندگی کی بلکہ پاکستان کی دوسری کمپنیز کیلئے بھی راہ ہموار کی۔ حتیٰ کہ اس ٹریڈ شو میں امریکن کاروباری افراد کو بھی پاکستانی کمپنیز کے ساتھ گفت وشنید کا خوشگوار تجربہ ہوا۔ اس پورے تجربے سے ہمیں نئے کسٹمرز کی ضروریات سے متعلق اہم معلومات حاصل ہوئیں اور ایک ایسی جگہ فراہم ہوئی جہاں سے ہم کئی نتیجہ خیز سرگرمیوں کا آغاز کرسکتے ہیں جس سے آنے والے سالوں میں آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے کاروبار کو مزید فروغ حاصل ہو۔



# پارک ڈیل کا دورۂ پولیئسٹر

رپورٹ: محمد حمزہ

پارک ڈیل دنیا کے صفِ اوّل کے بل دار یارن کے منیو فیکچرر ہیں اور امریکہ میں ہمارے قابل قدر بزنس پارٹنرز میں شامل ہیں۔ پارک ڈیل کے نمائندے 19 اور 20 فروری 2019 کو پاکستان کے دوروزہ دورے پر تشریف لائے۔ پارک ڈیل نے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ پولیئسٹر بزنس میں موجود سہولتوں کا معائنہ کیا اور مستقبل میں ہمارے تعلقات کے بارے میں گفت وشنید کی۔ پارک ڈیل کے ٹیکنیکل ڈائریکٹر رابرٹ اُشر، آر اینڈ ڈی کے وائس پریزیڈنٹ جوناتھن ڈیوڈ اور ڈائریکٹر جی ایس آئی انٹرنیشنل، رونالڈ سلاتی نے ہمارے شیخوپورہ پلانٹ کا دورہ کیا۔ یہاں پر ہماری پروڈکشن ٹیم نے مہمانوں کو ہماری فیسلیٹی کا تفصیلی معائنہ کروایا جس میں ہماری سی پی لائن اور ریچ پروڈکشن کی فیسلیٹی بھی شامل تھی۔

پارک ڈیل اس وقت آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سے ٹیریلین بلیک اور آپٹیکل وہائٹ کی خریداری کرتا ہے۔ ان کے اس دورے کے دوران میں بلیک، OB 1 اور نئ انواع؛ بایو ڈی گریڈایبل پولیئسٹر، ڈسپرس ایبل پولیئسٹر، لو پِل ٹیریلین بلیک اور OB 3 کے بارے میں کئ وعدوں پر گفت وشنید ہوئی۔ اس دورے کے نتیجے میں دونوں کمپنیز کے درمیان طویل المدت پائیدار کاروباری تعلقات قائم ہوں گے کیونکہ پارک ڈیل پہلے ہی ہماری نئ پروڈکٹس کے معاہدوں میں دلچسپی ظاہر کرچکا ہے۔



# دفتر میں ماحولیات کے اثرات کا مطالعہ: آگاہی سیشن

تحریر و تصاویر: معراج احسن قریشی

دفتر میں ماحولیات کے مطالعہ سے مراد ایک کارکن، اس کے کام اور اس ماحول کا مطالعہ ہے جس میں وہ کام کر رہا ہے۔ مزید یہ کہ کام کی جگہ، پروڈکٹس اور نظام کو اس طرح مرتب یا منظم کرنا کہ وہ اس کے استعمال کرنے والوں کیلئے مناسب اور موافق ہو۔ اس کا مقصد کام کیلئے ایک محفوظ، پرسکون اور بہترین جگہ فراہم کرنا ہے جس میں افراد کی صلاحیتوں اور دیگر حدود، جیسے فرد کی جسامت، قوت، صلاحیت، رفتار، حسیّات (دیکھنا، سننا) اور روّیہ تک شامل ہے۔

کئی لوگ اس بات کے شاکی نظر آتے ہیں کہ وہ کام کی جگہ یا دفتر کے ماحول سے مطمئن نہیں ہیں لہٰذا فوری طور پر ان کے کام کی جگہ کا معائنہ کیا جائے اور وہاں کام کرنے میں حائل ماحولیات کی مشکلات کا جائزہ لیا جائے۔ پولیئسٹر میں اس طرح کے مسائل کے سلسلے میں، ایچ ایس ای اینڈ ٹریننگ ڈپارٹمنٹ نے ایس جی ایس کے تعاون سے ماحولیات کے مطالعہ کے ایک سیشن کا اہتمام کیا۔ ایس جی ایس کے نمائندے عثمان علوی نے ماحولیات کے مطالعہ کا ایک جامع سیشن ترتیب دیا اور ماحولیات سے متعلق اعداد وشمار اور اس سے متعلق بیماریوں کے بارے میں آگاہی دی جو کام کی جگہ یا دفتری ماحول کے ناموافق ہونے سے پیدا ہوتی ہیں۔





اس سیشن میں تمام ڈپارٹمنٹس سے افراد نے شرکت کی اور اپنی کام کی جگہ پر درپیش مسائل بیان کئے۔ ان کے کام کی جگہ کے مسائل کا کیس اسٹڈی کے طور پر تجزیہ کیا گیا اور ان کے حل کے بارے میں مشورے دیئے گئے۔ اکثر شرکاء دفتر میں ماحولیات کے مطالعے سے ناواقف تھے۔ انہوں نے اس سیشن میں یہ جانا کہ وہ کس طرح دفتری ماحولیات کا مطالعہ کر کے اپنی کام کی جگہ کو خوشگوار اور کارکردگی کو بہتر بنا سکتے ہیں۔

اس کے بعد گروپ کی صورت میں سرگرمیوں کا سلسلہ ہوا جس میں کام کی جگہ تک رسائی اور انٹرویو چیک لسٹ کی مدد سے کام کی جگہ کی باقاعدہ جانچ کی گئی۔ انٹرویو کے بعد شرکاء نے جمع کی گئی بنیادی معلومات کا تجزیہ کیا اور ایک دوسرے کے ساتھ تبادلۂ خیال کیا اور پھر نتائج کو حتمی شکل دی گئی۔

آخر میں تمام شرکاء نے اتنے کارآمد اور مفید سیشن پر ٹریننگ دینے والوں کا شکریہ ادا کیا اور مزید شرکاء کو ان کے شعبہ جات میں خدشات کی جانچ کرنے والے کی حیثیت سے نامزد کیا گیا کہ وہ کام کی جگہ پر خدشات کی جانچ کرنے میں مددگار ہوں۔

ٹیم ورک ہی ڈریم ورک ہے:

# اسپننگ یونٹ 5 (NoBank-5Down) کی بلا تعطل کارکردگی پر جشن

رپورٹ: حماد مسعود اور محمد عمر چشتی

جب ہم کامیاب لوگوں کو دیکھتے ہیں تو معلوم ہوتا ہے کہ وہ صرف متحرک ہی نہیں تھے بلکہ مسلسل کوشاں رہتے تھے۔ یہ بات ہمارے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ، پولیئسٹر بزنس کی فائبرز ٹیم پر بالکل صادق آتی ہے جو مستقل طور پر کامیابیوں کے ایسے سنگ میل طے کررہی ہے جن کی نظیر نہیں ملتی۔ گروپ سی نے جنوری 2018 سے دسمبر 2018 تک پورا ایک کلینڈر سال بنا Bank-5 Down گزارا۔ گروپ ڈی نے بھی ان کی پیروی کرتے ہوئے مئی 2018 سے اکتوبر 2018 تک کے چھ ماہ Bank-5Down کے بغیر گزارے اور اب وہ ایک سال کے سنگ میل کا ہدف حاصل کرنے کیلئے پوری طرح تیار اور پر عزم ہیں۔

کامیابی کی خوشی منانا مزید کامیابیوں کے حصول کی خواہش کو پروان چڑھاتا ہے۔ اس سے ٹیم کے اندر بھی ہم آہنگی کا جذبہ ابھرتا ہے، جس طرح فٹ بال میچ میں ایک کھلاڑی کے گول کرنے پر پوری ٹیم اس سے لپٹ جاتی ہے اور سب ایک دوسرے کو مبارکباد دیتے ہیں۔ ایسی کامیابیاں کمپنی کی کارکردگی پر بھی غیر معمولی طور پر اثرانداز ہوتی ہیں اور اعلیٰ معیاری پروڈکٹس کے ساتھ زیادہ مستعدی اور کم سے کم ضیاع کی بدولت صارف کا اطمینان حاصل ہوتا ہے یعنی آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی بنیادی اقدار جدت طرازی اور دیرپا اقدار کیلئے سرگرم کا احاطہ کرتا ہے۔

7 فروری 2019 کو گروپ ڈی نے حماد مسعود (شفٹ منیجر فائبرز آف گروپ ڈی) کی قیادت میں اسپنگ پلانٹ آپریشنز ٹیم کیلئے ایک تقریب کا اہتمام کیا۔ اس میں پلانٹ منیجر فائبرز، شفٹ کوآرڈینیشن منیجر، پروڈکشن آفیسرز اور شفٹ انجینئرز نے بھی شرکت کی اور ٹیم کی کاوشوں کو سراہا۔ تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ حماد مسعود نے سنگ میل کے بارے میں تعارفی تقریر کی جس کے بعد ٹیم کے افراد میں تحائف اور اعترافی سرٹیفکیٹس تقسیم کئے گئے۔ بعدازاں خرم شہزاد (پلانٹ منیجر فائبرز) نے ٹیم کی کارکردگی کی تعریف کی اور مزید کامیابیوں کیلئے ٹیم کو اس سے زیادہ محنت کرنے پر زور دیا۔ تقریب کے آخر میں ٹیم نے اسنیکس اور کولڈ ڈرنکس کا لطف اٹھایا۔

اسی طرح سے اب سے کچھ دن پہلے 6 مارچ 2019 کو پلانٹ منیجر، شفٹ کوآرڈینیشن منیجر، پروڈکشن آفیسرز اور شفٹ انجینئر کو آپریشنز گروپ سی کی جانب سے ایک اور تقریب میں شرکت کی دعوت دی گئی جس کا اہتمام گروپ سی کے شفٹ منیجر محمد عمر چشتی کی قیادت میں ٹیم کی اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے کے اعتراف میں کیا گیا تھا۔ پلانٹ منیجرز خرم شہزاد اور رحمان علی خان نے ٹیم کی کاوشوں کو سراہا اور کہا کہ کام پر بھرپور توجہ اور عزم کی بدولت یہ نتیجہ حاصل ہوا ہے۔ ٹیم ممبرز نے کارکردگی کے اسی معیار کو جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا۔ ٹیم کی کاوشوں کے اعتراف میں ٹیم ممبرز کو سوونیئرز اور اعترافی اسناد دی گئیں۔ اس کے بعد ٹیم کی جانب سے ایک پر لطف ریفرشمنٹ کا انتظام کیا گیا۔

یہ سچ ہے کہ اگر کسی کی کارکردگی کا اعتراف کیا جائے تو وہ آئندہ توقع سے بڑھ کر کارکردگی کا مظاہرہ کرتا ہے۔ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ میں ہر سطح پر اس کلچر کا عملی مظاہرہ کیا جاتا ہے جس کی وجہ سے ہی ہم نے کارپوریٹ اداروں میں مسلسل دوسری مرتبہ گیلپ گریٹ ورک پلیس ایوارڈ 2019 جیتا ہے۔









## خوب محنت اور خوب مزے:

# ٹیم فائبرز۔ مری کا تفریحی دورہ

رپورٹ:شوزیب رضا

یہ محاورہ تو سب نے سنا ہوگا کہ "All work and no play, makes Jack a dull boy" ۔ اس سے سبق لیتے ہوئے یقینی طور پر یہ کہا جاسکتا ہے کہ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے پولیسٹر بزنس کی ٹیم فائبرز نہ صرف خوب محنت کرنا جانتی ہے بلکہ اتنی ہی بھرپور تفریح سے بھی لطف اندوز ہوتی ہے۔اس مقولے کے مطابق انہوں نے سخت کاوشوں کا غیر معمولی مظاہرہ کیا جو گیلپ سروے میں بھی Engagement score 4.77 کے لیول پر درج کیا گیا ہے۔

خرم شہزاد(پلانٹ منیجر فائبرز، پولیسٹر) کی قیادت میں کئی طرح کی سرگرمیوں کا انعقاد کیا جن میں سے چند ماہ قبل ترتیب دیا جانے والا ایک تفریحی پروگرام شامل ہے۔یہ پروگرام مری اور نتھیا گلی کے پہاڑی علاقوں کی سیر کا تھا جس میں تمام فائبرز مینیجمنٹ اسٹاف کو شامل کیا گیا تھا۔اس کیلئے بھرپور انتظامات کئے گئے اور خاص طور پر سب سے زیادہ توجہ سیفٹی پر دی گئی۔

پہلے روز صبح کے وقت شفٹ منیجرز اور پروڈکشن آفیسرز پولیسٹر سائٹ پر جمع ہوئے۔یہاں ٹرپ کو آرڈینیٹر سائمن پرویز(شفٹ منیجر فائبرز ، پولیسٹر) نے ٹیم کو سیفٹی کے بارے میں مختصراً آگاہ کیا اور پھر 3کاروں کے کارواں نے اپنے سفر کا آغاز کیا۔راستے کا سفر شرکاء کیلئے اپنی پسند کا میوزک سننے اور زندگی کے تجربات سمیٹنے میں گزرا۔راستے میں کچھ مقامات پر قیام کے بعد ہم بھیرا اور اسلام آباد پہنچے اور آخر مری کی خوشگوار فضاؤں میں گم ہوگئے۔

وہاں ہمارے لئے کمپنی کی جانب سے بہترین گیسٹ ہاؤس میں ٹھہرنے کا انتظام کیا ہوا تھا۔ایک بے حد لذیذ ڈنر کے بعد رات بھر موج مستی کا سماں رہا۔سب اپنی اپنی من پسند تفریح سے لطف اندوز ہوئے۔اس کے بعد ٹیم کے سینئر ترین ممبر، عبدالقیوم (پروڈکشن آفیسر پولیسٹر) جو جلد ہی ریٹائر ہونے والے ہیں، نے پولیسٹر میں اپنے پیشہ ورانہ تجربات کے بارے میں بتایا اور کمپنی میں حاصل ہونے والے مواقع اور دوستوں کے ساتھ گزرے یادگار لمحات پر شکریہ کا اظہار کیا۔

اگلی صبح کا آغاز مری کی ٹھنڈی ہواؤں اور مزیدار تازہ پراٹھوں کی خوشبو سے ہوا جو سب نے جی بھر کر کھائے۔ پھر خرم شہزاد نے مالی سال 18-2017 میں فائبرز ٹیم کی کارکردگی کے بارے میں مختصراً بتایا اور کہا کہ ہم مشکلات سے نکل آئے ہیں پھر مالی سال 19-2018 میں درپیش چیلنجز پر گفت و شنید ہوئی اور ٹیم کو ان کے مقابلے کیلئے تیاری کرنے پر زور دیا گیا۔

اس کے بعد اگلا ایڈوینچر نتھیا گلی کی سیر کا تھا جہاں مشہور و معروف مشک پوری ٹریل پر چہل قدمی کا لطف اٹھایا۔نوجوانوں کی طرح اچھلتے اور بوڑھوں کی طرح ہانپتے ہوئے بلند چوٹی پر پہنچے تو ہریالی کا ایسا خوبصورت نظارہ ہمارے سامنے تھا جو سوچ سے بہت دور ہے۔دور دور تک پھیلے سبزہ زار اور قدرتی حسن نے سب کو محسور کر دیا۔یہ بالکل پیٹر جیکسن کی مشہور فلم کے ایک منظر کی طرح تھا۔

گیسٹ ہاؤس واپس آکر ٹیم نے بار بی کیو اور بون فائر کا پر تکلف اہتمام کیا اور اس کے ساتھ لائیو میوزک کا تڑکا ، جس سے ماحول میں خوب گرمجوشی پیدا ہوئی۔پھر شرائط و ضوابط کے ساتھ ایک ہاٹ سیٹ سرگرمی "What happens in an excursion trip, stays an excursion trip" کا انعقاد ہوا۔ اس سرگرمی کا مقصد ایک دوسرے کی صلاحیتوں سے واقف ہونا اور اس میں بہتری کے اقدامات اور کھلے دل سے اس پر تبصرہ کرنا تھا۔





آخری روز لاہور بروقت واپسی کیلئے ایک نہایت مصروفیت کا شیڈول تھا۔آخری میٹنگ میں اس موضوع پر گفتگو ہوئی کہ سب نے ایک دوسرے کو کتنا جانا اور اس طرح ٹیم بلڈنگ اور تفریح کے تین روز مکمل ہوئے۔

واپسی کے سفر میں ٹیم ڈاؤن ٹاؤن مونال میں ایک اور لذت بھرے ڈنر سے لطف اندوز ہوئی۔پارٹی رات کے وقت لاہور پہنچی، اگرچہ تھکے ماندے اور بے حال تھے مگر اگلے روز بھرپور محنت کے عزم کے لئے تیار بھی تھے۔





### محفوظ ڈرائیونگ

# ڈرائیورز کو تعلیم دینا

تحریر و تصاویر: معراج احسن قریشی

سڑکوں پر حادثات میں زخمی ہو کر مرنے والوں کی تعداد سب سے زیادہ ہے اور یہ دنیا بھر میں اموات کی 10ویں بڑی وجہ ہے۔ ہر سال دنیا میں تقریباً 1.2 ملین افراد سڑک کے حادثات میں اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھتے ہیں جب کہ 50 ملین سے زیادہ زخمی ہو جاتے ہیں جن میں سے ترقی پذیر ممالک میں زخمی ہونے والوں میں 30٪ سے 70٪ افراد آرتھوپیڈک کے بیڈز پر پڑے ہیں۔

گزشتہ دنوں لاہور شیخوپورہ روڈ پر حادثات کی تعداد میں غیر معمولی اضافہ دیکھنے میں آیا۔ اس سلسلے میں ایک ریسکیو عہدیدار نے اپنے انٹرویو میں بتایا کہ سڑک پر حادثات کی بڑی وجہ سڑک پر چلنے کے اصولوں کا شعور نہ ہونا ہے جن میں تیز رفتاری، ٹریفک کے نشانات پر عمل نہ کرنا اور گاڑی چلاتے وقت غنودگی آجانا ہے۔ تاہم اس میں دھند کی وجہ بھی اہم ہے کیونکہ لوگوں کو آگے کی گاڑیوں کا پتہ ہیں نہیں چلتا اور اس طرح جانی و مالی نقصان ہو جاتا ہے۔

ٹریفک حادثات میں اضافہ کے پیشِ نظر پولیئسٹر ایچ ایس سی اینڈ ٹریننگ ڈپارٹمنٹ نے محفوظ ڈرائیونگ کے بارے میں ایک ریفریشرز سیشن کا اہتمام کیا جس میں پولیئسٹر بزنس اور مزنگ ہیڈ آفس کے ڈرائیورز کو دھند میں محتاط طریقے سے گاڑی چلانے پر زور دیا گیا۔ اس کے علاوہ سڑک پر محفوظ ڈرائیونگ کے بارے میں منیجرز کیلئے ایک علیحدہ سیشن کا اہتمام کیا گیا۔ اس میں موٹروے اور ہائی وے پولیس کے افراد کو بھی شامل کیا گیا تاکہ وہ سڑکوں پر ٹریفک کی مختلف صورتحال میں خاص طور پر دھند میں گاڑی چلانے کے بارے میں آگاہی دیں۔

موٹروے اور ہائی وے کے (انسپکٹر) عرفان نے محفوظ ڈرائیونگ کے بارے میں ایک جامع لکچر دیا جس میں انہوں نے بتایا کہ عام حالات میں اور ہنگامی حالات میں کس طرح ڈرائیونگ کی جائے۔ اس کے علاوہ گاڑی اسٹارٹ کرنے سے پہلے کیا کچھ چیک کرنا چاہئیے۔ انہوں نے ڈرائیونگ کے بارے میں انسانی روّیوں اور ان حفاظتی اشیاء کا بھی ذکر کیا جو گاڑی میں موجود ہونا ضروری ہے۔








بعدازاں ویڈیو کی مدد سے سڑک پر ہونے والے حادثات کا تجزیہ پیش کیا گیا جس میں حادثات کی بنیادی وجوہات / ہونے والے حادثات کے بارے میں مزید معلومات فراہم کی گئیں۔ انہوں نے ان عناصر کے بارے میں بھی بتایا جو حادثات کا سبب بننے میں معاون ہوتے ہیں جن میں حد سے زیادہ تیز رفتاری، گاڑیوں کی دیکھ بھال نہ ہونا، سڑک اور ماحول کے حالات، انسانی روّیے اور تھکن وغیرہ سے غنودگی کی کیفیت شامل ہیں۔

انہوں نے سیٹ بیلٹ کے استعمال پر زور دیا اور بتایا کہ اگر سیٹ بیلٹ بندھی ہو تو حادثہ کی صورت میں موت کے امکانات 50٪ کم ہو جاتے ہیں۔ سیٹ بیلٹ اس بات کو یقینی بناتی ہے کہ آپ کی گاڑی میں نصب ائیربیگ کام کر رہا ہے ورنہ یہ مہلک ہو سکتی ہے انہوں نے تمام ڈرائیورز کو موبائل ایپ "رہبر" سے متعارف کروایا اور دکھایا کہ یہ کیسے کام کرتا ہے اور اس میں شامل معلومات سے آگاہ کیا۔ کسی حادثے / واقعہ کی صورت میں ڈرائیور اس ایپ کے ذریعہ موٹروے پولیس سے رابطہ قائم کرسکتے ہیں۔

# سالانہ سپورٹس فیسٹیول 2019



ہر سال کی طرح اس سال بھی آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ پولیسٹر سپورٹس کلب نے سالانہ سپورٹس فیسٹیول کا کامیاب انعقاد کیا۔ جس میں کرکٹ، فٹ بال، دوڑ، رسہ کشی اور گولہ پھینکنا کے مقابلہ جات کروائے گئے۔ ان تمام مقابلہ جات میں منیجمنٹ اور نان منیجمنٹ سٹاف نے بھرپور شرکت کی اور شائقین اس سپورٹس فیسٹیول سے بہت لطف اندوز ہوئے۔ اختتامی تقریب میں احسن عبدالقیوم ورکس منیجر پولیئسٹر مہمانِ خصوصی تھے انہوں نے سپورٹس فیسٹیول کے کامیاب انعقاد پر سپورٹس کمیٹی اور انتظامیہ کی کاوشوں کو سراہا اور ان کا کہنا تھا کہ کام کے ساتھ ساتھ اس طرح کی صحت مندانہ سرگرمیوں کا انعقاد بھی ضروری ہیں۔ تقریب کے اختتام پر فاتح کھلاڑیوں، سپورٹس کمیٹی کے ممبران اور امپائرز کو تحفے تحائف بھی دیئے گے۔














































WELCOME
TO





# Carpe Diem: ریٹائر ہونے والوں کو سلام

تحریر: محمد عمر چشتی

ریٹائرمنٹ زندگی کے ایک نئے باب کا آغاز ہوتا ہے جب کوئی فرد اپنی زندگی کے قیمتی سال کمپنی کی خدمت میں صرف کرکے فارغ ہوتا ہے۔ یقیناً یہ وقت اس کو گرمجوشی سے رخصت کرنے اور مستقبل کے لئے نیک تمناؤں اور دعاؤں کے تحفے پیش کرنے کا ہوتا ہے۔ اس لمحے اس کے دل میں دوملی جلی کیفیت کے جذبات پیدا ہوتے ہیں۔ ایک طرف سکون واطمینان کے آنے والے دن، جب نہ روزانہ صبح سویرے اٹھ کر دفتر پہنچنے کی دوڑ، نہ افسروں کے سامنے جوابدہی اور نہ ہی پلانٹ پر کسی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کی مصروفیت۔ دوسری جانب انہی مصروفیات سے جڑی خوشگوار یادوں سے دل بوجھل اور غمگین، ہر پل کے ساتھیوں سے جدائی، گو دل سے دوری نہیں اور نہ خود کو چوکنا اور ہوشیار رکھنے کی ضرورت کہ آگے کیا کرنا ہے۔ ہمارے دلوں میں ان افراد کی جدوجہد اور مسلسل کاوشوں کا احترام ہے جو انہوں نے 35 سال کے طویل عرصہ میں آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی کامیابی وترقی میں اپنا اہم کردار نہایت محنت اور خلوص سے ادا کیا۔

فائبر پروڈکشن ٹیم نے 10 جنوری 2019 کو ریٹائر ہونے والے ٹیم ممبرز کے اعزاز میں الوداعی عشائیہ اور دلچسپ شام گزارنے کا اہتمام کیا۔ ان ریٹائر ہونے والوں میں سپنگ پروڈکشن آفیسرز عبدالقیوم خان اور شمشاد احمد اور ڈرالائن آپریٹرز ایوب خان اور عبدالحمید خان شامل تھے۔ عشائیہ میں لذت سے بھرپور باربی کیو اور مزیدار مچھلی کے بعد براؤنی اور کافی نے تقریب کا لطف دوبالا کر دیا۔ اس کے بعد مینیجرز نے الوداعی کلمات ادا کئے اور ریٹائر ہونے والوں نے اپنے یادگار لمحات کا ذکر کیا۔ آخر میں خرم شہزاد (پلانٹ مینیجر، فائبرز)، محمد عمر چشتی اور احتشام رانا (شفٹ مینیجر، فائبرز) نے مختلف اہم کامیابیاں حاصل کرنے میں ٹیم کی کاوشوں کو سراہا اور تمام ریٹائر ہونے والوں کو فائبرز ٹیم کی جانب سے سووینیئرز اور پھول پیش کئے اور ان کے ساتھ گزارے بہترین وقت پر ان کو سلام پیش کیا۔







# ابتدائی طبی امداد اور آگ بجھانے کا عمل: تربیت کی تجدید

تحریر و تصاویر: معراج احسن قریشی

حالیہ چند مہینوں میں ملک کے کئی حصوں کے صنعتی علاقوں میں آگ لگنے کے واقعات پیش آئے۔ آگ سے متعلق حادثات کی دوسری عام وجہ حرارت پہنچانے کے آلات ہیں۔ ایسے واقعات سے جانی اور مالی نقصان کے علاوہ ادارے کی ساکھ کو نقصان پہنچنے سے دوسری تقابلی کمپنیز کو فائدہ ہوتا ہے۔ ان واقعات کی بنیادی وجہ غیر ہنرمند / غیر تربیت یافتہ کارکنوں کی تقرری یا دیکھ بھال کے نظام کی کمزوری اور ایسے وسائل کی کمی ہے جو ہنگامی صورتحال میں بچاؤ کر سکیں۔

ایسی ہنگامی صورتحال کیلئے کمپنی کے ابتدائی طبی امداد کے عملے اور آگ بجھانے والوں کو ہمیشہ موجود اور ہمہ وقت چوکنا رہنے کی ضرورت ہے تاکہ وہ صورتحال پر تیزی سے قابو پا سکیں۔ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ پولیسٹر پلانٹ میں کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے آگ بجھانے اور ابتدائی طبی امداد فراہم کرنے والے افراد 24 گھنٹے موجود رہتے ہیں۔ ایسے مقرر کردہ افراد اپنی ذمہ داریوں سے پوری طرح آگاہ ہوتے ہیں اور ہنگامی صورتحال میں تیزی سے کارروائی کرتے ہیں۔

ان افراد کو اپ ڈیٹ رکھنے کیلئے کمپنی ان کو آگ بجھانے اور ابتدائی طبی امداد کے جدید ترین طریقوں سے آگہی کیلئے تربیت دیتی ہے۔ ان مقررہ افراد کی تربیت کیلئے پیشہ ور افراد کی خدمات حاصل کی جاتی ہیں۔ پولیسٹر بزنس ایچ ایس ای اینڈ ٹریننگ ڈپارٹمنٹ نے اس مقصد کیلئے ریسکیو 1122 کی خدمات حاصل کیں جو اس شعبہ کے ماہر پیشہ ور ہیں اور کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنا ان کا معمول ہے۔

ریسکیو 1122 کے علی اعوان نے ابتدائی طبی امداد اور آگ بجھانے کے عمل سے متعلق جامع لیکچر دیا اور مقرر کردہ افراد کو ہنگامی صورتحال میں ابتدائی طبی امداد اور آگ بجھانے پر مامور افراد کے کردار اور ذمہ داریوں کے بارے میں تفصیل سے بتایا۔ اس کے علاوہ مختلف نوعیت کی ہنگامی صورتحال اور اس کے حل کے بارے میں گفتگو ہوئی۔

کلاس روم سیشن کے بعد آگ بجھانے کا عملی مظاہرہ بھی ہوا جس میں آگ بجھانے کے آلات کا استعمال، اس کا خصوصی لباس اور سائٹ پر موجود آگ بجھانے کے سامان اور فائر ٹینڈر کا معائنہ کرایا گیا اور ان کے مقاصد کو واضح کیا گیا۔





# اعلیٰ ترین کارکردگی کی جانب گامزن۔ پاور جن

'اگر تم کسی بڑے مقصد کو حاصل کرنا چاہتے ہو تو چھوٹے کاموں کو بہتر کرنے کی عادت ڈالو۔ اعلیٰ کارکردگی کسی کی میراث نہیں، یہ غالب آنے کا جذبہ ہے۔'

یہ قول امریکن فوج کے چیف جنرل کولن پاوَل کا ہے جو اس نے 1991 میں عراق کے ساتھ امریکہ کی جنگ کے دوران میں کہا تھا اور یہ سیدھی سی بات ہے، کوئی راکٹ سائنس بھی نہیں ہے۔

ہماری زندگیوں میں کامیابیاں بھی آتی ہیں اور ناکامیاں بھی۔ بہتر یہ ہے کہ اپنی ناکامیوں سے سبق سیکھا جائے اور زیادہ بہتر یہ ہے کہ ہم دوسرے لوگوں کی ناکامیوں اور غلطیوں سے بھی سبق سیکھیں۔

ہمیں فخر ہے کہ ہم نے پاور جن پلانٹ شیخوپورہ میں آپریشنز اور مینٹننس اسٹاف کی ٹیم تشکیل دے کر کسی حد تک اعلیٰ ترین کارکردگی کا ہدف حاصل کر لیا ہے اور اعلیٰ ترین کارکردگی کے حصول کو ان کی لگن بنا دیا ہے۔

اعلیٰ ترین کارکردگی حاصل کرنے یا اس کے حصول کی جدوجہد کیلئے درج ذیل خصوصیات کا ہونا لازمی ہے:

• لیڈرشپ • ترغیب اور تربیت • اختیارات کی تقسیم

لیڈرشپ: کسی بھی شعبہ میں اعلیٰ ترین کارکردگی کے حصول میں لیڈرشپ کا کردار انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ لیڈر میں یہ صلاحیت ہونی چاہیے کہ وہ کسی بھی شعبہ میں ایک عام آدمی سے بہترین کارکردگی حاصل کر لے۔ ایک مثالی کارکردگی پیش کرنے کیلئے اس کو اپنی بنیادی صلاحیت کے بارے میں اچھی جانکاری ہونا لازمی ہے۔ اس کے علاوہ ایک حقیقی لیڈر کو اپنی ٹیم کی خوبیوں اور کمزوریوں کا بھی علم ہونا چاہیے تاکہ وہ ان سے بہترین کام لے سکے۔

• ترغیب اور تربیت: ایک مطمئن کارکن اچھا کارکن ثابت ہوتا ہے۔ اپنی افرادی قوت کو ترغیب دیتے رہیں تو وہ اپنے لیڈر کیلئے بہترین نتائج فراہم کرے گا۔ عام تصور کے برخلاف مالی فوائد لوگوں کی کارکردگی بہتر بنانے میں زیادہ فائدہ مند نہیں ہوتے۔ ہر فرد کا احترام کریں اس کے اچھے کام کی تعریف کریں تو وہ معمول سے بڑھ کر کارکردگی کا مظاہرہ کرے گا۔

اعلیٰ ترین کارکردگی کے حصول میں تربیت کا بھی کردار نہایت اہم ہے۔ ایک معمولی تربیت یافتہ فرد سے بہترین نتائج کی توقع نہ رکھیں، اگر آپ نے اس کو باقاعدہ تربیت نہ دی ہو۔

• اختیارات کی تقسیم: اگر ترغیب اور تربیت اچھی طرح دی گئی ہے تو اپنے ماتحت افراد کو اختیارات یا ذمہ داریاں سونپیں۔

اس سے نہ صرف ان کی لگن اور خود اعتمادی میں اضافہ ہوگا بلکہ لیڈر کو دوسرے اہم معاملات پر توجہ کیلئے زیادہ وقت مل سکے گا۔

پاور جن کو فخر حاصل ہے کہ ہم نے اعلیٰ ترین کارکردگی کے حصول میں بڑی حد تک کامیابی حاصل کر لی ہے جو ٹیم ورک، لگن اور اعلیٰ کارکردگی پیش کرنے کے جذبہ کے سبب ممکن ہوئی ہے۔ پاور جن انجنز 1999 کے مقابلے میں آج زیادہ بھروسہ مند اور بہتر استعداد کے حامل ہیں۔ اس کیلئے دیکھ بھال کا ایک جامع شیڈول تیار کیا گیا ہے جس پر باقاعدگی سے عمل ہوتا ہے اور اس کو OEM نے بھی سراہا ہے۔ اسٹاف کی بہترین تربیت بھی ایک مثالی حیثیت رکھتی ہے۔ ٹربوچارجرز انتہائی متوازن مشین ہے جو 20000rpm پر چلتی ہے، پاور جن میں ان کو 2003 سے باقاعدہ اوورہال کیا جاتا ہے۔ غالباً پاکستان میں صرف ہمارا پاور پلانٹ ہی یہ انتہائی ماہرانہ کام ان ہاؤس کر رہا ہے جس سے خاصی رقم کی بچت ہوتی ہے۔ ہمارا اپنا اسٹاف اپنی فیکٹری میں ہی انجنز کی عام اوورہالنگ کرتا ہے جس میں کرینک شافٹ کے علاوہ انجن کے تمام پارٹس کو الگ الگ کیا جاتا ہے۔ آپریشنز کے تمام عملے کو مختلف نوعیت کی مہارت کی تربیت دی گئی ہے مثلاً ایک CRO اور ERO ایک دوسرے کا کام انجام دے سکتے ہیں۔ اسی طرح مینٹننس اسٹاف کسی بھی ہنگامی صورتحال میں آپریشنز کی دیکھ بھال کر سکتا ہے۔

پاور جن کو یہ اعزاز بھی حاصل ہے کہ یہ 2013 میں اپنے قیام سے اب تک سالانہ ہاؤس کیپنگ ٹرافی کا ایوارڈ مسلسل حاصل کر رہا ہے۔ 2013 ہی میں اسٹاف کو ہاؤس کیپنگ کا معیار قائم کرنے اور اس کو برقرار رکھنے کا چیلنج دیا گیا تھا۔ اللہ کے فضل سے، ہم نے اپنا یہ ہدف حاصل کر لیا ہے اور اس وقت سے یہ ٹرافی ہمارے حصہ میں آرہی ہے۔ پاور جن میں ہم 'boundary less operations' پر یقین رکھتے ہیں۔ پاور جن کی ٹیمیں پلانٹ کے دوسرے شعبہ جات میں بھی ہاؤس کیپنگ کے سلسلے میں اپنا کردار ادا کرتی ہیں۔ حال ہی میں پولیسٹر پلانٹ کے شٹ ڈاؤن کی مدت کے دوران میں پاور جن کے افراد نے دیکھ بھال کے تمام شعبوں میں خدمات انجام دیں۔ ہم یقین سے کہتے ہیں کہ پورے پنجاب میں اس نوعیت اور اس قسم کے ڈائی ہاٹسو انجنز کے آپریشن اور دیکھ بھال سے متعلق استعداد کے لحاظ سے ہمارا کوئی ثانی نہیں۔



# فالتو اور ناکارہ پارٹس سے بنائی گئی اشیاء

جدّت کی حوصلہ افزائی پاور جن کی تربیت کا حصہ ہے۔ پاور جن میں ہم فالتو اور بیکار پرزہ جات کے استعمال سے ڈیکوریشن کی چیزیں تیار کر لیتے ہیں۔ ایسی کئی خوبصورت چیزیں آپ کو ہمارے شیخوپورہ، موزنگ اور ہیڈ آفس کراچی کے دفاتر میں نظر آئیں گی۔ ان بیکار پرزوں سے گلدان کے اسٹینڈ بھی بنائے جاتے ہیں، جن سے پاور جن کے پلانٹ میں ایک خوشگوار ماحول کا تاثر پیدا ہوتا ہے۔

"اعلیٰ ترین کارکردگی کا حصول میرے افسران کے مسلسل تعاون کے بغیر ممکن نہ تھا۔ انہوں نے ہماری صلاحیتوں کو ابھارنے اور ان پر یقین رکھنے کیلئے ہمیشہ ہماری حوصلہ افزائی کی" (جعفر نقوی)

پاور جن نے اپنی خدمات کے 25 سال بغیر کسی بڑے حادثے کے مکمل کر لئے ہیں۔ اپنے افسران کے تعاون کے ساتھ، ہمیں مکمل بھروسہ ہے کہ یہ پاور ہاؤس سالہاسال تک ترقی کی منزلیں طے کرتا رہے گا اور محفوظ، مستعد اور بھروسہ مند پاور فراہم کرتا رہے گا۔





# یونین ایگریمنٹ 2019



2019ء آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ پولیسٹر بزنس میں یونین منیجمنٹ معاہدے کا سال تھا۔ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ پولیسٹر ایمپلائز یونین نے اپنی روایت کو مد نظر رکھتے ہوئے اپنا چارٹر آف ڈیمانڈ جمع کروایا۔ منیجمنٹ نے یونین کے ساتھ تبادلہ خیال کے اس پروسیس کو ہمیشہ ہی اہمیت دی ہے اس پروسیس کو بخیر و بخوبی انجام تک پہنچانے کیلئے منیجمنٹ کی طرف سے ایک ٹیم تشکیل دی گئی جس نے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ پولیسٹر ایمپلائز یونین کے ساتھ مل کر دوران جنوری تا مارچ متعدد میٹنگز کیں جن کا دورانیہ بعض اوقات رات گئے تک بھی جاری رہا۔ یونین منیجمنٹ کی مشترکہ کوششوں کے نتیجے میں آخر کار ایک معاہدہ طے پا گیا۔ یہ معاہدہ دونوں فریقین کیلئے نہ صرف باعث سکون ہے بلکہ ایمپلائز میں کام میں بہتر کارکردگی دکھانے کا سبب بھی ہے۔

اللہ تعالیٰ پولیسٹر فائبر بزنس کو دن دوگنی اور رات چوگنی ترقی عطا فرمائے۔ آمین









# ہونہار بروا کے چکنے چکنے پات



منصور عثمان خان (لرننگ اینڈ ڈویلپمنٹ)

رضوان خالد ہمارے دفتر کے ایک پر عزم اور پر جوش ساتھی ہیں اور بطور ڈسٹری بیوشن آفیسر کام کرتے ہیں۔ حال ہی میں انہوں نے رفاہ یونیورسٹی سے (MS-Finance) ایم ایس فنانس امتیازی حیثیت سے مکمل کیا۔ مساعد حالات اور ڈسٹری بیوشن کی بھاری ذمہ داریوں کے سبب رضوان خالد نے بارہا ایم ایس کے پروگرام کو ترک کرنے کا ارادہ کیا مگر دوستوں، ساتھیوں اور گھر والوں کی حوصلہ افزائی کی مدد سے وہ اسے بلآخر نمایاں حیثیت اور 3.9 کے CGPA کے ساتھ کرنے میں کامیاب ہوگئے۔ رضوان نے اپنی قابلیت کے سبب تمام تر تعلیمی درجات میں سکالر شپ حاصل کیا اور اب وہ مستقبل میں PhD کرنے کا ارادہ کئے ہوئے ہیں۔ رضوان کی طرف سے لکھے گئے تحقیقی مقالاجات مختلف امتیازی حیثیت کے جریدوں میں شائع بھی ہوئے ہیں۔ ہم سب رضوان خالد کی مستقبل میں آنے والی کامیابیوں کے لئے دعا گو ہیں۔

# اگر گاڑی کا ٹائر تیز رفتاری میں پھٹ جائے یا پنکچر ہو جائے تو کیا کیا جائے...

بشکریہ شمروز خان۔ ہیڈ آفس

## ڈرائیور حضرات ضرور پڑھیں...

کچھ عرصہ قبل ہمارے سابقہ چیئر مین جوائنٹ چیفس آف سٹاف کمیٹی جنرل خالد شمیم وائن ایک حادثے میں جاں بحق ہو گئے تھے۔ وجہ تیز رفتاری میں ٹائر پھٹنا بنی۔ گاڑی بم پروف تھی مگر پھر بھی قیمتی جانوں کا ضیاع ہوا۔

مجھے یہ بات واضح کرنی ہے کہ ایسی صورت میں اگر ڈرائیور اپنے اوسان بحال رکھے تو بہت بڑے حادثے سے بچا جا سکتا ہے۔ اسکے لئے چھ سادہ سے سٹیپس ہیں جس سے دو منٹ کے اندر اندر گاڑی کو محفوظ حالت میں روکا جا سکتا ہے۔

1۔ ٹائر پھٹنے پر گھبرایئے نہیں اور خود کو فوری طور پر چوکس کریں اور اعصاب کو نارمل کریں اور اعتماد کے ساتھ اس سچوایشن کو سنبھالیں۔ کیونکہ اس وقت آپکی گاڑی بے قابو ہو رہی ہو گی تو آپکا قابو میں رہنا لازمی ہے۔ سب کچھ آپکے کنٹرول میں ہے اور اب آپ نے گاڑی کو بھی قابو کرنا ہے۔

2۔ سٹیرنگ وھیل کو مضبوطی سے دونوں ہاتھوں سے پکڑ لیں۔ کسی بھی قسم کے کٹ مارنے یا موڑنے کی کوشش نہ کریں۔ (اگر ممکن ہو تو ہیزرڈ لائیٹ کا بٹن دبا دیں۔ مگر ضروری نہیں ہے) اپنے شیشوں کی مدد سے پیچھے کی ٹریفک پر توجہ مرکوز کریں اور سڑک پر دھیان رکھیں۔ گاڑی کی حرکت کو محسوس کریں کہ وہ کس جانب پل کر رہی ہے یا کھینچ رہی ہے۔ جس طرف کا ٹائر پھٹا ہے گاڑی اسی طرف کو مڑے گی یا کھنچے گی۔ لہذا آپکی سٹیرنگ پر گرفت مضبوط ترین ہونی چاہیئے۔

3۔ دھیرے دھیرے ایکسلریٹر سے پاوں ہٹائیں اور کبھی بھی بریک نہ لگائیں۔۔ بریک نہیں لگانی! کیونکہ 95 فیصد امکان ہے کہ جونہی آپ بریک لگائیں گے گاڑی الٹ جائے گی۔ گاڑی کی سپیڈ خود کم ہوتی جائے گی اور آپ کو اس وقت یہ خیال رکھنا ہو گا کہ سڑک پر موجود دیگر گاڑیوں سے خود کو کیسے بچانا ہے۔ (رم کے نقصان پر توجہ نہ دیں کیونکہ آپ کی جان قیمتی ہے رم نہیں)۔

4۔ اپنے سٹیرنگ کو قابو میں رکھیں مضبوطی کے ساتھ اور نظر اور توجہ سڑک پر رکھیں۔

5۔ اس وقت تک آپکی سپیڈ اوریجنل سپیڈ کے تناسب سے کافی کم ہو کر لگ بھگ 60 کلومیٹر تک آ پہنچے گی۔ یہ وقت ہے جب آپ آہستہ آہستہ بریک لگا سکتے ہیں مگر یک دم نہیں۔۔ مقصد ہے سپیڈ کو کم کرنا نہ کہ روکنا۔ اب آپ گاڑی کو سڑک کے کنارے کی طرف لے جانے کی پوزیشن میں ہیں اور اشارہ بھی دے دیں تا کہ پیچھے سے آنے والی گاڑیوں کو آپ کی حرکت کا اندازہ ہو سکے۔ گاڑی کو اپنے بائیں جانب لے جا کر روکنے کیلئے تیار ہو جائیں۔

6۔ اب آپ بالآخر محفوظ ہیں اور گاڑی کو روک سکتے ہیں۔ گاڑی کو روکیں اور انجن بند کر دیں۔ ہیزرڈ لائٹ جلا دیں۔ اور اتر کر گاڑی کے پھٹے ہوئے ٹائر کا جائزہ لیں۔ کئی بار رگڑ لگنے سے ٹائر کو آگ بھی لگ سکتی ہے۔ اگر ایسا ہے تو سب مسافروں کو گاڑی سے اتار دیں اور اگر آپ کے پاس آگ بجھانے کا آلہ ہے تو فوری طور پر اس کی مدد سے آگ بجھائیں۔ ورنہ پانی یا مٹی سے بھی یہ کام کیا جا سکتا ہے۔ اگر کسی وجہ سے آگ بجھانا ممکن نہ ہو تو گاڑی سے دور ہٹ جائیں اور کسی بھی دوسری گاڑی سے مدد طلب کریں کہ شاید آگ بجھانے کا آلہ مل جائے۔ پینک یا خوف زدہ نہ ہوں کیونکہ ابھی ابھی آپ نے اپنی اور اپنے ساتھیوں کی جان بچا لی ہے۔ اگر آگ نہیں لگی تو گاڑی اور ٹائر کو ٹھنڈا ہونے دیں اور پھر ٹائر بدلیں۔

آخری بات۔ یاد رکھیں کہ ڈرائیور کا تجربہ کار ہونا اور مضبوط اعصاب کا ہونا لازمی ہے۔ اناڑی ڈرائیور ہمیشہ خوف زدہ ہو کر بریک لگاتے ہیں اور گاڑی الٹ جاتی ہے جس سے جانی نقصان کا اندیشہ ہے۔ یہ بات یاد رکھیں کہ ایسے موقع پر گاڑی میں موجود سب لوگ ڈرے ہوئے ہونگے۔ کسی کی مت سنیں اور صرف سڑک پر اور گاڑی پر توجہ مرکوز رکھیں۔۔ کیوں کہ ڈرائیور آپ ہیں وہ نہیں۔

ہوسکتا ہے آپ کی اس انفارمیشن کو share کرنیکی وجہ سے کئی قیمتی جانیں بچ جائیں۔

اللہ پاک ہمیں اپنی حفظ و امان میں رکھیں اور کسی بھی قسم کے حادثے سے محفوظ رکھیں۔ آمین۔

نوٹ: گاڑی کے ٹائروں پر کبھی سمجھوتہ نہیں کرنا تھوڑے سے بھی کمزور ہو جائیں تو فوری طور پر بدل دیں۔ آپ کی جان قیمتی ہے۔ ٹائر تو گھستے ہیں، سو بدلنے تو پڑتے ہیں۔۔!



فصل شاندار۔ کاشتکار خوشحال

# ویجٹیبل سیڈ ڈیلرز کانفرنس کے پی کے

رپورٹ: فراز علی بٹ

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ ایگری ڈویژن نے 18 فروری 2019 کو پی سی ہوٹل پشاور میں ویجٹیبل سیڈ ڈیلرز کانفرنس کا اہتمام کیا۔ یہ تقریب بہت کامیاب رہی۔ سب سے پہلے عمران باری، ریجنل سیلز منیجر، فیصل آباد نے سیفٹی سے متعلق پریزنٹیشن دی۔ اس کانفرنس میں خیبر پختونخواہ کے ویجٹیبل سیڈ ڈیلرز نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

فراز علی بٹ، ٹیکنالوجی ڈیولپمنٹ منیجر ایگری اور رئیس زمان، ڈیولپمنٹ ایگرونومسٹ نے ویجٹیبل سیڈز کے بارے میں آگاہی دی اور خاص طور پر ٹماٹر، خربوزے کے ہائی برڈ سیڈز اور مٹر کے بارے میں معلومات فراہم کیں۔

ویجٹیبل سیڈ ڈیلرز نے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے ویجٹیبل ہائی برڈ سیڈز کی عمدہ کارکردگی کے بارے میں اپنی رائے کا اظہار کیا اور ہماری ٹیم کی جانب سے کاشتکاروں کو ان کے دروازے پر بہترین خدمات کی فراہمی کی تعریف کی۔

اس موقع پر فہد اقتدار میر، نیشنل سیلز منیجر سیڈز نے ویجٹیبل سیڈ سیلز پالیسیز اور ٹیم کی فیلڈ ڈیولپمنٹ کی سرگرمیوں کے بارے میں آگاہی دی۔ عمران باری، ریجنل سیلز منیجر، فیصل آباد اور کاشف رضا، پروڈکٹ منیجر، ویجٹیبل سیڈز نے اختتامی کلمات کہے اور شرکاء کا شکریہ ادا کیا۔

اس بزنس پارٹنر کانفرنس کے انعقاد سے یقینی طور پر آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے ویجٹیبل سیڈز ڈیلرز کے اعتماد میں اضافہ ہوگا جس کا فائدہ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کو پہنچے گا۔






# ویجٹیبل سیڈ ڈیلرز کانفرنس۔ ہزارہ ڈویژن

رپورٹ: کاشف رضا، پروڈکٹ منیجر، ویجٹیبل سیڈز، لاہور

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ ایگری ڈویژن کی جانب سے 26 جنوری 2019 کو آشیانہ ہوٹل مانسہرہ میں ویجٹیبل سیڈ ڈیلرز کانفرنس کا اہتمام کیا گیا۔

پروگرام کا آغاز عمران باری، ریجنل سیلز منیجر، فیصل آباد کی جانب سے سیفٹی پریزنٹیشن سے ہوا۔ اس تقریب میں ہزارہ ڈویژن کے ویجٹیبل سیڈ ڈیلرز نے نمایاں طور پر شرکت کی۔ فراز علی بٹ، ٹیکنالوجی ڈیولپمنٹ ایگری منیجر رئیس زمان ڈیولپمنٹ ایگرونومسٹ نے ویجٹیبل ہائی برڈ سیڈز اور خاص طور پر ٹماٹر کے ہائی بڑد سیڈز کی ورائیٹیز کے بارے میں تفصیلی آگاہی دی۔

اس موقع پر سیڈ ڈیلرز نے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے ٹماٹر کے ہائی برڈ سیڈز کی ورائیٹیز کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کیا۔

یہ بات اعتماد کے ساتھ کہی جاسکتی ہے کہ اس بڑے پروگرام کے انعقاد سے ہماری سیلز ٹیم کو ٹماٹر کے ہائی برڈ سیڈز کے لئے بھرپور تعاون حاصل ہوگا۔ اجتماع کے آخر میں عمران باری، ریجنل سیلز منیجر، فیصل آباد اور کاشف رضا، پروڈکٹ منیجر، ویجٹیبل سیڈز نے اختتامی کلمات کہے اور شرکاء کا ان کی آمد پر شکریہ ادا کیا۔



# کچن گارڈننگ ٹریننگ پروگرام

## سوڈا ایش پلانٹ کھیوڑہ

رپورٹ: فراز علی بٹ، ٹیکنالوجی ڈیولپمنٹ منیجر، ایگری

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ ایگری ڈویژن نے 23مارچ2019 کو سوڈا ایش پلانٹ، کھیوڑہ میں کچن گارڈننگ پر ایک تربیتی پروگرام کا اہتمام کیا۔

اس پروگرام میں فراز علی بٹ، ٹیکنکل ڈیولپمنٹ منیجر ایگری رئیس زمان، ڈیولپمنٹ ایگرونومسٹ نے ویجیٹیبل ہائی برڈ سیڈز کی بوائی کے بارے میں شرکاء کو زرعی معلومات فراہم کیں۔

پروگرام کے اہم مقاصد کے تحت:

1۔ خواتین کو اپنے گھروں میں تازہ سبزیاں اگانے کی ترغیب دی گئی۔

2۔ تازہ سبزیوں کے فوائد سے آگاہی دی گئی۔

3۔ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ، ایگری ڈویژن کچن گارڈننگ پروگرام سے متعلق آگاہی فراہم کی گئی۔

4۔ سبزیوں کے بیج کی بوائی کے طریقہ ءکار کا عملی مظاہرہ کیا گیا۔

5۔ گائیڈ بک کندن تقسیم کی گئی۔

6۔ دیگر بڑے پیمانے پر اگائی جانے والی فصلوں، جیسے تربوز کے بارے میں گفت و شنید ہوئی کہ اس کیلئے پلانٹ کے قریب دستیاب زمین پر یہ اگایا جا سکتا ہے۔

اس تربیتی پروگرام میں کھیوڑہ میں مقیم خواتین نے بھرپور شرکت کی اور انتہائی دلچسپی کا مظاہرہ کیا۔ تمام خواتین و حضرات نے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ ویجیٹیبل ہائی برڈ سیڈز اور کچن گارڈننگ ٹریننگ پروگرام کو بہت پسند کیا۔






فصل شاندار۔ کاشتکار خوشحال

# بزنس پارٹنرز کانفرنس۔ دبئی 2019

رپورٹ: آصف نعیم

کسی بھی کاروبار کی ترقی میں کاروباری ساتھی یا بزنس پارٹنرز بہت اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ ایگری ڈویژن نے اپنے معزز اور قابل قدر کاروباری ساتھیوں کی گزشتہ سال عمدہ کارکردگی کے اعتراف میں دبئی میں ایگری بزنس پارٹنرز کانفرنس کا اہتمام کیا۔

19 فروری 2019 کو 75 ممبرز پر مشتمل گروپ اس سفر پر روانہ ہوا۔ دبئی پہنچنے پر ایک پر تکلف ظہرانے سے تواضع کی گئی۔ ظہرانے کے بعد ٹیم نے جمیرہ بیچ کا دورہ کیا اور دبئی شہر کی سیر کی جس میں دبئی مال اور آبزرویشن ڈیسک کے علاوہ شاندار اور دنیا کی بلند ترین عمارت برج خلیفہ کا نظارہ نہایت مسحور کن تھا۔

اگلے روز کاروباری ساتھیوں اور آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ ایگری ڈویژن کے ٹیم ممبرز کی رسمی نشست ہوئی۔ اس میں ثاقب حسین (سینئر پروڈکٹ منیجر، ایگروکیمیکلز) نے ایگروکیمیکل پروڈکٹ کے بارے میں معلومات دی جب کہ عبدالغفار خانزادہ نے سیڈ پروڈکٹس کے بارے میں بتایا۔ اس کے بعد نیشنل سیلز منیجر، ایگروکیمیکلز وحید اطہر نے گزشتہ سال کی کارکردگی اور تعاون پر شرکاء کا شکریہ ادا کیا۔ بزنس منیجر، ایگری ڈویژن، عبدالوہاب نے اپنی تقریر میں نئی ٹیکنالوجی کی اہمیت اور عالمی سطح پر زرعی صنعت کی بدلتی ہوئی تبدیلیوں پر روشنی ڈالی۔ اس کے بعد انہوں نے کاروباری شرکاء کی کارکردگی کے اعتراف میں ایوارڈز تقسیم کئے۔

نشست کے اختتام پر ایک پر لطف ظہرانے کا اہتمام تھا جس کے بعد ٹیم گلوبل ولیج پہنچی جہاں ایک ہی جگہ پر مختلف ممالک کی ثقافتوں کے نمونے موجود تھے جن کو سب نے خوب انجوائے کیا۔ سب لوگوں نے اپنی فیملیز کیلئے تحائف اور دیگر اشیاء خریدیں۔

اس سے اگلا دن شاپنگ کے علاوہ ڈیزرٹ سفاری کیلئے مخصوص تھا جہاں گروپ نے لینڈ کروزرز کے ذریعہ ڈیزرٹ سفاری کی سیر کی اور ایک لذیذ عشائیہ سے لطف اندوز ہوئے۔ اگلا دن واپسی کا تھا، سب صبح ایک عمدہ ناشتے کے بعد پاکستان لوٹے اور پھر ایک نئے اور تازہ دم ولولے کے ساتھ اپنے اپنے کاموں میں مشغول ہو گئے۔

بزنس پارٹنرز نے اس کانفرنس کے انعقاد کو بے حد سراہا۔ ان کا کہنا تھا کہ ایسی کانفرنس سے نہ صرف ہم کو کمپنی کی نئی پروڈکٹس اور مستقبل کی حکمت عملی سے آگاہی حاصل ہوتی ہے بلکہ کمپنی کے ساتھ کام کرتے ہوئے اعتماد میں بھی اضافہ ہوتا ہے اور ہم ایک دوسرے کے مسائل سے بھی آگاہ ہوتے ہیں۔ انھوں نے امید ظاہر کی کہ کمپنی آئندہ بھی اس قسم کی کانفرنسوں کا انعقاد کرتی رہے گی۔











انٹرنیشنل سمپوزیم

# سرن پلانٹ کے وفد کی شرکت۔زندگی صحت کے ساتھ

منصور عثمان خان(لرننگ اینڈڈویلپمنٹ)

شوکت خانم میموریل ہسپتال کی طرف سے 16 مارچ 2019 کو فلیٹیز ہوٹل لاہور میں میڈیکشن سیفٹی کے حوالے سے ایک سمپوزیم کا انعقاد کیا گیا جس میں سرن پلانٹ کی طرف سے بھرپور شرکت کی گئی اس حوالے سے سیّدہ مہوش فاطمہ، سدرہ، اور نائلہ بشیر کا انتخاب کیا گیا۔ اس سمپوزیم میں شرکت موضوع اور سیکھنے کے حوالے سے منفرد تھی۔ دُنیا بھر سے نمایاں پروفیشنلز اور دیگر ممتاز سماجی اور معاشرتی حیثیت کے لوگ اس سمپوزیم میں موجود تھے جن کی باتیں سننے اور سمجھنے کا موقع ملا۔ مستقبل میں بھی سرن فارما اس طرح کے سیمینار اور پروگراموں میں بھرپور طریقے سے شامل ہونے کا ارادہ رکھتی ہے۔

















آپ کا مویشی۔ آپکا سرمایہ

# مل کر کام کریں، صحت مند مستقبل بنائیں

رپورٹ: ڈاکٹر ذیشان خالد

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ انیمل ہیلتھ کے پولٹری کے شعبہ نے 10 جنوری 2019 کو سمندری میں فارمرز اور پروفیشنلز کے ایک اجتماع کا اہتمام کیا۔ اس اجتماع میں 60 فارمرز اور پروفیشنلز نے شرکت کی۔ ڈاکٹر طہٰ ندیم نے ڈاکٹر عمیر اور اعجاز احمد کے ہمراہ اس پروگرام کا انعقاد کیا جبکہ چوہدری مختار (مالک، مختار اینڈ تاشقند فیڈ ملز) کو بطور مہمانِ خصوصی مدعو کیا گیا تھا۔





اس اجتماع کا مقصد پروفیشنلز اور فارمرز کو پانی میں پائی جانے والی بیماریوں کو Trouw نیوٹریشن پورٹ فولیو کے ذریعہ اور بیکٹیریا سے پیدا ہونے والے اور وبائی امراض کو CAVAC پورٹ فولیو کے ذریعہ کنٹرول کرنے کے بارے میں آگہی فراہم کرنا تھا۔ اس کے علاوہ پرندوں کے نظام تنفس میں بہتری کیلئے Elanco کی Pulmotil AC کے استعمال پر بھی گفت وشنید ہوئی۔ اجلاس کا آغاز تلاوتِ کلام پاک سے ہوا۔ اس کے بعد ڈاکٹر عمیر نے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی HSE&S کے بارے میں پریزنٹیشن دی اور خاص طور پر ہمارے بڑے کاروبار اور بین الاقوامی پارٹنرز کے بارے میں گفتگو کی۔

اس کے بعد ڈاکٹر طہٰ ندیم نے اس اجتماع کا ٹیکنیکل سیشن پیش کیا۔ انہوں نے ٹیکنیکل سیشن کی ابتدا میں پانی کے معیار کی اہمیت اور پولٹری فارمز میں پانی میں موجود بیماریوں اور Trouw نیوٹریشن پورٹ فولیو کے ذریعہ پانی کے معیار کو بہتر بنانے کے طریقوں کے بارے میں آگہی دی۔ اس کے بعد انہوں نے نظامِ تنفس کو نقصان پہنچانے والے عناصر کے بارے میں بتایا اور واضح کیا کہ کس طرح Pulmotil AC اس نظام کی بحالی میں مدد دیتی ہے۔ بعد ازاں فارمرز اور پروفیشنلز کو CAVAC کے بارے میں مختصر عملی مظاہرہ پیش کیا۔ آخر میں دوطرفہ سوال وجواب کا سلسلہ ہوا۔ پھر اجلاس کے مہمانِ خصوصی کو پھول پیش کئے گئے۔ چوہدری مختار نے حاضرین کو اپنے خیالات سے آگاہ کیا اور ایسی عمدہ تقریب کے انعقاد پر آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی کاوشوں کی تعریف کی۔

مجموعی طور پر یہ ایک کامیاب اجلاس تھا جس میں ہمارے معزز صارفین کو ہماری معیاری پروڈکٹس کے بارے میں آگہی دی اور بتایا کہ کس طرح ان پروڈکٹس کے ذریعہ مختلف چھوت پڑنے والی بیماریوں پر کنٹرول کیا جاسکتا ہے جن کے ثابت شدہ نتائج بھی موجود ہیں۔

# جانوروں کی صحت کیلئے حکمت عملی۔ نتھیا گلی میں ایک نشست



رپورٹ: صبیح سمیع صدیقی

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ انیمل ہیلتھ کی ٹیم نے 10 سے 13 فروری تک نتھیا گلی میں ایک نشست کا اہتمام کیا جس کا مقصد آنے والے سالوں میں کاروباری حکمت عملی تشکیل دینا تھا۔ پہاڑوں کا دامن، برف کا آنگن اور نقطئہ انجماد کے قریب سیزن ایک پر مغز کاروباری منصوبہ بندی کیلئے لاجواب پس منظر پیش کر رہا تھا۔ چنانچہ لائیو اسٹاک اور پولٹری، دونوں شعبہ جات نے اپنے اپنے علیحدہ اور مخصوص سیشن منعقد کئے جن میں ترقی کے عزم، کاروبار کی ڈیولپمنٹ اور سیلز کے موضوعات پر بحث مباحثہ اور گفت وشنید کی گئی۔ بزنس منیجر صبور احمد، لائیو اسٹاک سیلز اینڈ مارکٹنگ منیجر ڈاکٹر شہزاد مجید اور پولٹری نیشنل سیلز منیجر ڈاکٹر انوار الحق نے اپنے اپنے طور پر حکمت عملی کے اجلاس منعقد کئے۔ ٹیم نے اجلاس کے دوران میں خوبصورت نظاروں کے درمیان واقع الپائن ووکیشن ہومز میں قیام سے خوب لطف اٹھایا اور شمال کے سرد ترین علاقہ کا یہ دورہ یقیناً ان کو زندگی بھر یاد رہے گا۔



آپ کا مویشی۔ آپکا سرمایہ

# فارمرز چوائس ڈیلر کانفرنس، تھائی لینڈ

رپورٹ: صبیح سمیع صدیقی

فارمرز چوائس پروڈکٹ رینج انیمل ہیلتھ کی اوّلین توجہ کا شعبہ ہے کیونکہ یہ بزنس کی اپنی تیار کردہ پروڈکٹس میں نمایاں ترین برانڈ ہے اور یہ اس کی طویل عرصہ کی کامیاب حکمت عملی کا مرکزی کردار ہے۔ اس لحاظ سے فارمرز چوائس رینج کی ترقی و ترویج کے عزم کے ساتھ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ، انیمل ہیلتھ بزنس نے انتہائی اہم صارفین (وٹرنری کی دواؤں کے ڈیلرز) کو حکمت عملی کی کانفرنس میں شرکت کے لئے تھائی لینڈ کے دورے کی دعوت دی۔ اس کا مقصد اپنے پورٹ فولیو میں ترقی سے متعلق بزنس کے منصوبوں میں صارفین کی زیادہ سے زیادہ شمولیت کو یقینی بنانا تھا۔





اس کانفرنس کا مرکزی نکتہ ("SuccesswithSynergy") یا "ہم آہنگی سے کامیابی" تھا جس پر عمل کرتے ہوئے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ، انیمل ہیلتھ بزنس نے 34 صارفین کیلئے پھکٹ اور بینکاک دونوں جگہ کے سفر اور قیام وطعام کا انتظام کیا۔ ڈاکٹر انوارالحق میزبان ٹیم کی سربراہی کر رہے تھے جب کہ ڈاکٹر زہرہ محمود ان کی معاون تھیں۔ یہ چار روزہ دورہ فارمرز چوائس پروڈکٹس کی مارکیٹ کے بارے میں تفصیلی گفت وشنید، مسابقتی پروڈکٹس کے تجزیے اور سال کے دوران میں منعقدہ مارکیٹنگ کی سرگرمیوں کی فیڈ بیک حاصل کرنے پر مشتمل تھا۔ پھکٹ فانٹا سی شو، Phi Phi جزائر کا دورہ اور بینکاک میں سمندر پر ڈنر اس دورے کی نمایاں سرگرمیاں تھیں۔ آخر میں آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ، انیمل ہیلتھ بزنس کی جانب سے فارمرز چوائس پولٹری پروڈکٹس کی ترقی میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے انتہائی کامیاب کسٹمرز کی کاوشوں کے اعتراف میں انھیں نمایاں سیلز کارکردگی ایوارڈ دیا گیا۔

مختصر یہ کہ یہ تفریحی دورہ بے حد نتیجہ خیز رہا اور کمپنی اپنے کسٹمرز کو فارمرز چوائس کیلئے اپنے وژن سے موثر طور پر آگاہ کرنے میں کامیاب رہی۔ اس موقع کا فائدہ اٹھاتے ہوئے ایک سروے کا اہتمام بھی کیا گیا جس کے ذریعہ مختلف کسٹمرز سے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ، انیمل ہیلتھ بزنس کی خدمات کے بارے میں فیڈ بیک حاصل کی گئی۔ بعد ازاں اس سروے کے اعدادوشمار کی جانچ پڑتال سے معلوم ہوا کہ کسٹمرز کتنے زیادہ مطمئن ہیں جو کمپنی کی ا قدار یعنی "کسٹمر پر مرکوز توجہ" کا ثبوت ہے۔

# Trouw نیوٹریشن پورٹ فولیو کا اجراء

رپورٹ: صبیح سمیع صدیقی

Trouw نیوٹریشن دنیا کی مشہور و معروف کمپنی ہے جو جانوروں کی غذائیت اور صحت کے بارے میں مہارت رکھتی ہے۔ اس نے حال ہی میں انیمل ہیلتھ ڈویژن کو انٹرنیشنل پارٹنر کی حیثیت سے شامل کیا ہے۔ مارکیٹ میں اس پارٹنر شپ کے اعلان کے سلسلے میں 18 فروری کو لاہور کے معروف ہوٹل میں ایک پروگرام ترتیب دیا گیا جس میں تجارتی اور کارپوریٹ فارمنگ کے شعبہ سے کئی اہم اسٹیک ہولڈرز کو دعوت دی گئی۔ Trouw نیوٹریشن کی ٹیکنیکل اسپیشلسٹ ڈاکٹر مینا لطیف اس سیمینار میں شرکت کیلئے خاص طور پر پاکستان تشریف لائیں اور انہوں نے حاضرین کو کمپنی کی Toxin Binder اور Reviva پروڈکٹس کے بارے میں آگہی دی۔ ڈاکٹر مینا انیمل نیوٹریشن میں ڈاکٹریٹ کی ڈگری کی حامل ہیں۔ اس پروگرام میں انہوں نے پروڈکٹس کے نتائج اور نیوٹریشن کے بہترین طریقوں کے بارے میں حاضرین کے استفسارات کے جواب دیئے اور اپنی ٹیکنیکل مہارت کی بناء پر بہت سی مفید باتیں بتائیں۔ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ انیمل ہیلتھ بزنس نے اس پروگرام میں نہ صرف نئے اضافے Trouw نیوٹریشن پورٹ فولیو کے فروغ بلکہ معروف تجارتی اور کارپوریٹ ڈیری فارم کے مالکان، منیجرز اور پروکیورمنٹ اسپیشلسٹس کے ساتھ نیٹ ورک قائم کرنے کیلئے رابطے استوار کئے۔



لائف سائنسز

لائف سائنسز

آپ کا مویشی۔ آپکا سرمایہ

# نیشنل بفیلو فیئر اینڈ کیٹل شو

رپورٹ: صبیح سمیع صدیقی







پنجاب لائیو اسٹاک اینڈ ڈیری ڈیولپمنٹ (PL&DD) ڈپارٹمنٹ نے پتوکی میں نیشنل بفیلو فیئر اینڈ کیٹل شو کا اہتمام کیا۔ یہ شو بفیلو ریسرچ انسٹی ٹیوٹ (BRI) میں 20 سے 23 فروری تک منعقد ہوا۔ اس فیئر کا مقصد Nili-Ravi بفیلو کے حوالے سے غذائیت، جینیات، منیجمنٹ، صحت اور شو شوا کنامکس کے کام کا جائزہ لینا اور تحقیق کو اپ ڈیٹ کرنا تھا۔ اس تقریب میں مقامی انیمل ہیلتھ کمپنیز، فارمرز، ڈیلرز، وٹرنری پروفیشنلز اور ملکی اور بین الاقوامی دونوں سطح کے ماہرین نے شرکت کی۔



آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ انیمل ہیلتھ بزنس نے اس جگہ پر اپنی موجودگی کو بھرپور طریقے سے نمایاں رکھا اور ایک اسٹال کی برانڈنگ کی جہاں مختلف ترغیبی میٹریل، دواؤں اور فیڈ کے نمونے، پروڈکٹ کے بارے میں لٹریچر، بیک ڈراپس اور اسٹینڈیز رکھی گئی تھیں۔ اسٹال پر موجود کمپنی کے نمائندوں نے UVAS کے طلبہ، فارمرز اور وٹرنری پروفیشنلز کو آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ انیمل ہیلتھ بزنس کی پروڈکٹس کی افادیت اور صنعت میں انیمل ہیلتھ ڈویژن کی مثالی روایات کے بارے میں معلومات فراہم کیں۔ یہ انیمل ہیلتھ کے مسائل کے حل کے سلسلے میں عام مارکیٹ کا سروے کرنے اور مسابقتی ڈیولپمنٹ کے بارے میں سیکھنے کا ایک سنہری موقع تھا۔ اس کے علاوہ فارمرز کے ساتھ دوطرفہ گفت وشنید سے معلومات کا مفید تبادلہ ہوا جو مارکیٹ کی اندرونی صورتحال کے بارے میں جاننے اور بہتر تعلقات استوار کرنے کا بہترین ذریعہ ثابت ہوا۔

# بین الاقوامی کنسلٹنٹ کا دورہ

رپورٹ: صبیح سمیع صدیقی

انیمل ہیلتھ نے حال ہی میں LanxessChemicals کے گلوبل ٹیکنیکل کنسلٹنٹ برائے بایو سیکورٹی اینڈ ہائجین انتھونی پیئرسن (Anthony Pearson) کو مقامی مارکیٹ کا دورہ کرنے اور اپنی جراثیم کش دواؤں کی رینج کے صارفین سے ملاقات کی دعوت دی۔ پیئرسن کے دورے کا آغاز 14 جنوری کو ہوا اور اس دن بزنس کی سیلز اینڈ مارکیٹنگ ٹیموں کے ساتھ جامع تربیتی سیشن کا انعقاد کیا گیا۔ لاہور کے ایک معروف ہوٹل میں دن بھر جاری رہنے والی یہ تقریب Virkon اور Biosolve پروڈکٹس پر مبنی تھی جس میں ان کے استعمال، اس کے طریقۂ کار اور جراثیم کش پروڈکٹس کے موثر ہونے پر سیر حاصل گفتگو ہوئی۔

ان کے دورے کا ایک دوسرا سنگ میل 16 جنوری کو لاہور اور شیخوپورہ میں ہونے والا روڈ شو تھا جس میں پیئرسن کے علاوہ کاروباری دنیا کے اہم کسٹمرز نے بھی شرکت کی جن میں K&N پولٹری فارمز، اولمپیا پولٹری فارمز اور ہائی ٹیک پولٹر بریڈرز شامل تھے۔ اگلے روز ٹیم نے اس دورے کو راولپنڈی اور اسلام آباد کی مارکیٹس تک توسیع دی اور Hubbard گروپ اور پولٹری ریسرچ انسٹی ٹیوٹ سے متعلق شخصیات سے ملاقاتیں کیں۔ 18 جنوری کو روڈ شو کے اختتامی دن جڑواں شہروں میں صارفین سے ملاقاتیں ہوئیں اور اسلام آباد فارمز، جدید فارمز اور صادق پولٹری کے دفاتر کا دورہ کیا گیا۔

ان ملاقاتوں کے دوران میں پیئرسن نے بایو سیکورٹی کے صحیح طریقوں کے استعمال اور جراثیم کش پروڈکٹس کی مقامی ضروریات کو بھرپور طرح سے سمجھنے پر گفت وشنید کی۔ اس کیلئے انہوں نے پاکستان کے مائکروبائیل ماحول کے مطابق بہترین طریقۂ کار کے استعمال پر زور دیا۔ پولٹری ٹیم نے اس سال Virkon سے متعلق مزید توقعات کا اظہار کیا۔ پیئرسن نے اپنے دورے کے اختتام پر بزنس کو خصوصی ایوارڈ پیش کیا۔ ٹیم کی جانب سے ڈاکٹر انوار الحق نے یہ ٹرافی وصول کی جو Virkon کی غیر معمولی سیلز کی کارکردگی کا اعتراف ایک یادگار ہے۔ اپنی اس کامیابی پر آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کو بھی "انٹرنیشنل ڈسٹری بیوٹر برائے سال 2018" کا ٹائٹل عطا ہوا۔





آپ کا مویشی۔ آپکا سرمایہ

# بیکٹریا کی طویل عرصہ تک نمایاں کمی

## SelkopH کی موثر فروخت-پانی کے تجزیئے کی مہم

رپورٹ: ڈاکٹر ذیشان خالد

انٹروبیکٹیریا (E.coli,Salmonella) پرندوں کے اندر کئی طرح سے داخل ہو سکتا ہے لیکن کسی فارم پر اس کے اندر داخل ہونے کے بڑے ذرائع میں نئے جانوروں کی آمد، آلودہ پانی، فیڈ کے نظام، فارم ہاؤسنگ اور بایو سیکورٹی کے ناکافی انتظامات شامل ہیں۔ ان مختلف طریقوں سے Salmonella کی فیڈ سے فیڈ میں منتقلی کا پیچیدہ مسئلہ پیدا ہوتا ہے۔ اس مسئلے کے حل کیلئے Trouw نیوٹریشن Selko کا مربوط پروگرام تیار کیا گیا ہے جو خاص طور پر ایسی صورتحال میں پولٹری فارمز کیلئے موزوں ترین ہے۔

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ نے Trouw نیوٹریشن کے اشتراک سے پاکستان میں Salmonella اور E.coli کے واقعات کو چیک کرنے کیلئے ایک مہم جاری کی۔ اس مہم کا مقصد پولٹری فارمز کے پانی کے نظام میں Salmonella اور E.coli کے واقعات کو چیک کرنا اور Selko pH کی صورت میں پانی کی آلودگی کو کم کرنے کا موثر ترین حل فراہم کرنا تھا۔

اس مقصد کیلئے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ انیمل ہیلتھ کے پولٹری کے شعبہ نے پاکستان میں اس مہم کا انعقاد کیا۔ اس پروجیکٹ کے نمائندے ڈاکٹر طہٰ ندیم اور ڈاکٹر ذیشان خالد تھے جبکہ سپروائزر ڈاکٹر انوارالحق تھے۔

متوقع انٹروبیکٹیریئیس (Entrobacteriaceae) کی نشاندہی کے سلسلے میں Trouw نیوٹریشن کیلئے سلائیڈز Dip کرنے کا عملی مظاہرہ کیا گیا۔ ملک کے مختلف ریجنز کے مختلف فارمز سے پانی کے نمونے جمع کئے گئے۔ ان کو جمع کرنے کے بعد ان میں سلائیڈز ڈپ کی گئیں اور ایک مخصوص وقت کیلئے ان میں رکھی گئیں اور پھر احتیاط کے ساتھ ان کا تجزیہ کیا گیا۔ سلائیڈز پر ان کی گروتھ کا ماڈل ڈینسٹی چارٹ سے مقابلہ کرکے نتائج اخذ کئے گئے۔ اس کے علاوہ پانی کے نمونوں کا مائیکرو بیئل ٹیسٹ بھی کیا گیا اور ایک مخصوص فارم سے حاصل کردہ پانی کے نمونوں کے pH کی جانچ کی گئی۔ ان کی رپورٹس تیار کرکے فارم کے مالکان کو بھی دکھائی گئیں۔ انٹروبیکٹیریئیس کے واقعات پر قابو پانے کیلئے پولٹری فارمز میں SelkopH کے استعمال کی سفارش کی گئی۔

اس وقت ملک کے مختلف شہروں میں تقریباً 60 فارمز کے پانیوں کا تجزیہ کیا جا چکا ہے جن میں سے 70٪ فارمز کے پانی میں بیکٹیریا اور فنگس کی آلودگی ثابت ہوئی اور ان میں سے 60٪ کو SelkopH کے ذریعہ کامیابی کے ساتھ دور کر دیا گیا ہے۔

مجموعی طور پر اس مہم سے فارمز کو اپنے فارم کے پانی کے معیار کو جانچنے کا سنہری موقع ملا جس سے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی ساکھ میں مزید اضافہ ہوا اور اس طرح اپنے صارفین کے ساتھ رابطے استوار کرنے میں مدد ملی۔









آپ کا مویشی۔ آپکا سرمایہ

# علاج کے جدید رجحانات - پولٹری سیمینار۔ شیخوپورہ



رپورٹ: ڈاکٹر ذیشان خالد

انیمل ہیلتھ ڈویژن، آئی سی آئی پاکستان لیمیٹڈ کے پولٹری کے شعبہ کی جانب سے 9 جنوری 2019 کو شیخوپورہ میں ایک سیمینار کا اہتمام کیا گیا۔ اس میں 35 فارمرز اور پروفیشنلز نے شرکت کی۔ اس سیمینار کا بندوبست ڈاکٹر طہٰ ندیم تھے اور ان کی معاونت ڈاکٹر محسن الرحمن، ڈاکٹر ذیشان خالد اور عظیم مصطفیٰ نے کی۔

اس اجتماع کا مقصد پروفیشنلز اور فارمرز کو پانی سے پھیلنے والی بیماریوں پر کنٹرول کیلئے TrouwNutrition پورٹ فولیو اور بیکٹیریا اور وبائی امراض پر کنٹرول کیلئے فارمرز چوائس پورٹ فولیو میں اینٹی بایوٹکس کے نئے اور زیادہ موثر مرکب کے بارے میں آگاہی فراہم کرنا تھا۔

حسبِ معمول آئی سی آئی پاکستان لیمیٹڈ کی HSE&S کے بارے میں مختصر پریزنٹیشن دی گئی جس میں اسموگ کا خیال رکھنے، اس کیلئے ہدایات اور احتیاط پر زور دیا گیا۔ ڈاکٹر طہٰ ندیم نے آئی سی آئی پاکستان لیمیٹڈ کی تاریخ، اس کے وژن اور اقدار کے بارے میں بتایا اور خاص طور پر ہمارے بڑے کاروبار اور بین الاقوامی پارٹنرز کا ذکر کیا۔

اس کے بعد ڈاکٹر طہٰ ندیم نے Trouw Nutrition پورٹ فولیو سے متعلق ٹیکنیکل معلومات سے سیشن کا آغاز کیا۔ انہوں نے پانی کے معیار کی اہمیت بتاتے ہوئے عملی مظاہرے کے ذریعہ واضح کیا کہ کس طرح پانی میں موجود بیماریاں جھنڈ کے جھنڈ پر اثر انداز ہوتی ہیں۔ انہوں نے فارمرز اور پروفیشنلز کو پانی کے ذریعہ پھیلنے والی بیماریوں سے بچاؤ کا حل بتاتے ہوئے Selko pH کے استعمال کی سفارش کی۔ انہوں نے مختصر ویڈیوز کے ذریعہ اس کے طریقۂ عمل اور اس کی افادیت کو واضح کیا۔ بعد ازاں فارمرز اور پروفیشنلز کو FC پورٹ فولیو کا خلاصہ پیش کیا جس میں ہمارے نئے اینٹی بایوٹکس کے مرکب اور اس کی افادیت کو اجاگر کیا گیا۔ اس موقع پر شرکاء میں پروموشنل میٹریل (بروشرز، رائٹنگ پیڈز) وغیرہ تقسیم کئے گئے۔ آخر میں دوطرفہ سوال وجواب کا سلسلہ ہوا۔

مجموعی طور پر یہ ایک کامیاب اجلاس تھا جس کے ذریعہ ہمارے معزز صارفین کو اپنے پرندوں کو بیماریوں سے محفوظ رکھنے کیلئے ہماری موثر پروڈکٹس اور باکفایت کنٹرول کے طریقہء کار کے بارے میں جاننے میں مدد ملی۔

# "ہم رکھیں خیال، ہم کریں بحال"

## سرگودھا اور فیصل آباد میں فارمرز کے اجتماعات

رپورٹ: ڈاکٹر ذیشان خالد

آئی سی آئی پاکستان لیمیٹڈ انیمل ہیلتھ کے پولٹری کے شعبہ نے سرگودھا اور فیصل آباد میں گزشتہ دنوں فارمرز کے اجتماعات کا اہتمام کیا۔ ڈاکٹر عمیر خان ریجنل منیجر لاہور نے ڈاکٹر مظہر ایریا منیجر سرگودھا اور اعجاز احمد کے ہمراہ ان اجتماعات کا بندوبست کی۔ ان اجتماعات میں فیصل آباد اور سرگودھا ریجن کی سیلز ٹیموں کے ساتھ 35 فارمرز نے شرکت کی۔

ان اجتماعات کا مقصد اپنے معزز کلائنٹس کو فارمرز چوائس پورٹ فولیو کے ذریعہ بیکٹیریا کے ذریعہ ہونے والی بیماریوں کو کنٹرول کرنے اور SelkopH اور نیوٹریشنل پورٹ فولیو کے ذریعہ پانی کی آلودگی کے مسئلہ پر قابو پانے کے بارے میں آگہی فراہم کرنا تھا۔ HSE&S کے بارے میں مختصر پریزنٹیشن کے بعد موضوع پر گفتگو شروع ہوئی جس میں اسموگ اور دھند کے موضوع پر خصوصی توجہ دی گئی۔ ڈاکٹر عمیر خان نے آئی سی آئی پاکستان لیمیٹڈ کی تاریخ، اس کے وژن اور اقدار کے بارے میں آگہی دی اور اس کے بڑے کاروبار اور بین الاقوامی پارٹنرز کا خصوصی ذکر کیا۔

اس کے بعد ڈاکٹر عمیر خان نے فارمرز کے ساتھ ٹیکنیکل سیشن کا آغاز کیا۔ انہوں نے فارمرز چوائس پورٹ فولیو اور بیکٹیریا سے ہونے والی بیماریوں سے متعلق مختصر طور پر معلومات فراہم کیں ان پر قابو پانے کی حکمت عملی سے آگاہ کیا۔ انہوں نے پولٹری پروڈکشن سسٹم میں پانی کے معیار کی اہمیت اجاگر کی اور Selko pH کے ذریعہ پانی کی آلودگی پر موثر کنٹرول کے بارے میں بتایا۔ بعد ازاں انہوں نے ملٹی وٹامنز، پروبایوٹیکس اور فیڈ سپلیمنٹ کی اہمیت واضح کی اور ہماری نیوٹریشن کی پروڈکٹس سے متعلق اہم معلومات فراہم کیں۔ آخر میں دوطرفہ سوال وجواب کا سلسلہ ہوا۔

مجموعی طور پر یہ تقریب انتہائی کامیاب رہی اور اس کے ذریعہ ہمارے فارمرز میں وہ معلومات حاصل ہوئیں جن کے بغیر وہ شدید مالی نقصان سے دوچار ہوتے تھے۔ نیز ان کو کسی بھی بیماری کے پھوٹ پڑنے پر فوری کارروائی کے بارے میں بھی آگہی حاصل ہوئی۔



لائف سائنسز

# امریکہ میں YES کلچرل ایمبسیڈر کی حیثیت سے ایک سال قیام

## ونگٹن اسکول کھیوڑہ کی طالبہ کا اعزاز



کینیڈی لوگر یوتھ ایکسچینج اینڈ اسٹڈی (YES) پروگرام پاکستان میں ہائی اسکول کے طلبہ کو امریکہ میں ایک تعلیمی سال گزارنے کیلئے اسکالرشپ دیتا ہے۔YES پروگرام اسکالرشپس کو یو ایس ڈپارٹمنٹ آف اسٹیٹ ۔ بیورو آف ایجوکیشن اینڈ کلچر افیئرز فنڈز فراہم کرتا ہے۔ اس پروگرام کے ذریعہ سیکنڈری اسکول کے طلبہ کو امریکہ کے ہائی اسکول میں تعلیم حاصل کرنے اور اس تعلیمی سال کے دوران امریکہ کی میزبان فیملیز کے ساتھ رہنے کا موقع دیا جاتا ہے۔ اس پروگرام میں شرکت کرنے والے طلبہ امریکہ کی میزبان کمیونیٹیز کے ساتھ اپنے ملک کے کلچرل ایمبیسیڈر کے طور پر وقت گزارتے ہیں اور ان فیملیز کو مختلف ملکوں سے آنے والے YES طلبہ کے ساتھ رہ کر رنگارنگ ثقافتوں کو جاننے کا موقع ملتا ہے۔

ونگٹن اسکول کھیوڑہ کے لئے یہ بڑے فخر کی بات ہے کہ YES پروگرام کے تحت ہماری ایک طالبہ لینا تارڑ کو ایک سال کیلئے امریکہ میں پاکستان کی نمائندگی کرنے کیلئے منتخب کیا گیا۔ اس کیلئے لینا کو انتخاب کے ایک پیچیدہ اور مختلف قسم کے سخت مرحلوں سے گزرنا پڑا جن میں تحریری ٹیسٹ، انٹرویوز، گروپ مباحثے اور انگریزی زبان کی مہارت کے ٹیسٹ شامل تھے۔ لینا اس وقت امریکہ کی ریاست الاسکا میں ہیں اور جون 2019 تک وہاں اپنے ملک کی نمائندگی کریں گی۔

گزشتہ سال بھی ونگٹن اسکول ل کھیوڑہ کے دو طلبہ YES پروگرام کے تحت منتخب ہوکر امریکہ میں ایک سال گزار کر آئے ہیں۔

لینا تمام عرصہ کھیوڑہ میں رہیں اور ونگٹن اسکول میں تعلیم حاصل کی۔ انہوں نے 2018 میں یہاں سے میٹرک کا امتحان پاس کیا۔ لینا خرم تارڑ کی صاحبزادی ہیں جو آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش بزنس میں خدمات انجام دے رہے ہیں۔

لینا کے والدین اور ہم سب کو اس بات پر بہت فخر ہے کہ کھیوڑہ جیسے دور دراز علاقے میں ایک ایسا تعلیمی ادارہ ہے جس کے تعلیمی معیار کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ پاکستان بھر کے بڑے اور مشہور اسکولوں سے مقابلہ کررہاہے۔ یہ سب یقیناً ونگٹن اسکول کے اساتذہ کی لگن اور محنت کا نتیجہ ہے۔

# تربیتی ورکشاپ ویلڈنگ سیفٹی


رپورٹ: راجہ غلام اکبر

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش وقتاً فوقتاً اپنے ملازمین کے لیے ٹریننگ کا انعقاد کرتی رہتی ہے۔ ماہ مارچ میں HSE ڈیپارٹمنٹ نے Centre for the Improvement of Working Conditions and Environment گورنمنٹ کی ایک ادارے کے تعاون سے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ اور پراجیکٹ سے متعلقہ ویلڈر حضرات کے لیے ویلڈنگ سیفٹی کے موضوع پر ایک ٹریننگ کا اہتمام ٹریننگ سینٹر میں کیا۔ اس ٹریننگ کے لیڈ ٹرینر CIWCE سے آئے ہوئے پراجیکٹ ڈائریکٹر ارشد محمود اعوان تھے۔ اس تربیتی ورکشاپ کا آغاز سیفٹی مینجر رانا محمد عدیل نے کیا انھوں نے شرکاء کو ویلڈنگ سے متعلقہ خطرات پر روشنی ڈالی اور ساتھ سی ساتھ ویلڈنگ سیفٹی کی ایک انڈسٹری کے اندر کیا اہمیت ہے اظہار خیال کیا اور شرکاء کو ہدایت کی کہ ویلڈنگ کے دوران PPEs کے استعمال کو یقینی بنائیں اسکے بعد انھوں نے ارشد اعوان کو ٹریننگ کروانے کے لیے مدعو کیا اور انکا آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ میں ٹریننگ کروانے پر شکریہ ادا کیا۔

پراجیکٹ ڈائریکٹر ارشد محمود اعوان نے تمام ویلڈر حضرات کو ویلڈنگ سیفٹی سے متعلق سلائیڈز اور ویڈیوز کے ذریعے آگاہی دی اور اپنے پریٹیکل تجربات اور مختلف انڈسٹری میں ہونے والے ویلڈنگ سیفٹی سے متعلقہ حادثات کا بھی ذکر کیا۔ انھوں نے شرکاء کو ویلڈنگ کی تعریف، ویلڈنگ کی اقسام، ذاتی حفاظتی آلات کا ویلڈنگ کے دوران صیح استعمال اور اسکی اہمیت، دھوپ میں ویلڈنگ کرتے وقت احتیاطی تدابیر اور کٹنگ سیٹ کے صحیح استعمال کے بارے میں معلومات فراہم کیں۔ اس ٹریننگ میں ویلڈر کے علاوہ ایریا مینجر نے بھی شرکت کی اور تمام شرکاءنے اپنے اپنے سوالات کیے جس پر پراجیکٹ ڈائریکٹر ارشد محمود اعوان نے انکے سوالوں کے جوابات دیے۔

ٹریننگ کے اختتام پر تمام شرکاءنے ارشد محمود اعوان کا شکریہ ادا کیا اور ایک گروپ فوٹو بنوایا۔









# ایچ ایس ای مینجرز کا 70 واں سہ ماہی اجلاس





ایچ ایس ای مینجرز کا 70 واں سہ ماہی اجلاس 14 فروری 2019 کو آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش سائٹ کھیوڑہ میں منعقد ہوا۔ اس اجلاس میں ایچ ایس ای مینجرز اور کمپنی ڈاکٹرز نے شرکت کی۔ اجلاس میں آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی ایچ ایس ای اینڈ ایس کی کارکردگی، شدید نوعیت کے حادثات کی رپورٹنگ کیلئے ایچ ایس ای اینڈ ایس کی شرائط، ایچ ایس ای اینڈ ایس کی بہتری کے منصوبے اور امور پر گفت وشنید اور کاروبار کیلئے مستحکم اہداف پر گفتگو ہوئی۔ اس کے علاوہ سائٹ پر ایچ ایس ای سسٹمز پر بہتر طور سے عمل درآمد کیلئے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ، ایچ ایس ای اینڈ ایس مینجمنٹ سسٹم کی چار کتابیں ورکس مینجر، سوڈا ایش بزنس کے حوالے کی گئیں۔

اس کے علاوہ گروپ کی مشترکہ سرگرمی کے سلسلے میں گروپ ممبرز نے کٹاس راج مندر کا بھی دورہ کیا۔ یہ مندر ہندو تہذیب کا ورثہ ہے۔ پروگرام میں ٹیم بلڈنگ کی مختلف سرگرمیاں جیسے فوٹو واک بھی شامل تھی۔ اس سرگرمی کا مقصد معمول کے تھکا دینے والے کاموں کی انجام دہی سے ہٹ کر ہلکی پھلکی مصروفیات سے تازہ دم ہوں اور ایچ ایس ای مینجرز ٹیم کے درمیان مضبوط رابطے قائم ہوں۔









# قرعہ اندازی حج مبارک




آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش بزنس کھیوڑہ میں حج مبارک 2019 کے لئے قرعہ اندازی 10 جنوری 2019، بروز جمعرات کو مین ایڈمن ہال میں منعقد ہوئی۔ اس موقع پر محمد عمر مشتاق ورکس منیجر سوڈا ایش بزنس کھیوڑہ مہمان خصوصی تھے۔ تمام ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹس، منیجر، سی بی اے کے نمائندگان اور ایمپلائیز نے اس تقریب میں بھرپور شرکت کی۔

قرعہ اندازی کے نتیجے میں درج ذیل خوش نصیب ایمپلائیز کے نام سامنے آئے۔

| | | |
|---|---|---|
| 1 | اشفاق احمد | ورکس نمبر 20118 |
| 2 | جمشید علی | ورکس نمبر 20137 |
| 3 | محمد زکریا | ورکس نمبر 20183 |
| 4 | محمد شفیق | ورکس نمبر 20367 |
| 5 | زبیر حنیف | ورکس نمبر 20384 |
| 6 | قیصر علی | ورکس نمبر 20386 |
| 7 | نوید مبارک | ورکس نمبر 20393 |

31 دسمبر 2019 کو ریٹائر ہونے والے ایمپلائیز کی الگ سے قرعہ اندازی ہوئی۔ مندرجہ ذیل دو ایمپلائیز کا نام قرعہ اندازی میں سامنے آیا۔

| | | |
|---|---|---|
| 1 | محمد محبوب | ورکس نمبر 20133 |
| 2 | غلام مرتضیٰ | ورکس نمبر 20248 |

اس موقع پر تمام لوگوں نے خوش نصیب ایمپلائیز کو گلے لگا کر مبارکباد دی۔














تمام خوش نصیب ایمپلائیز جو کہ 2019 میں حج مبارک کی سعادت حاصل کریں گے وہ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے لئے دعا گو ہیں کہ ہمارا ادارہ دن دگنی رات چوگنی ترقی کرے۔ (آمین)



# آل پاکستان الکلی ہاکی ٹورنامنٹ سوڈا ایش بزنس کھیوڑہ





















آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ جہاں بھی بزنس کرتی ہے۔ وہاں اپنی لوکل کمیونٹی کا بھرپور خیال رکھتی ہے۔ اسی طرح کھیوڑہ میں آئی سی آئی سوڈا ایش بزنس کا اپنی لوکل کمیونٹی سے بہت ہی گہرا تعلق ہے یہ تعلق عشروں پر محیط ہے۔ بلکہ یوں کہنا چاہئے کہ کھیوڑہ میں لوکل کمیونٹی کی بنیاد ہی آئی سی آئی سوڈا ایش کا وجود ہے۔ لوکل کمیونٹی سے اپنے تعلق کو مضبوط سے مضبوط تر کرنے کے لئے کمپنی انتظامیہ ہر لمحہ مصروف عمل رہتی ہے۔ اس کی ایک مثال لوکل کمیونٹی کے لئے صحت مند سرگرمیوں کا تواتر سے انعقاد ہے۔

اس حوالے سے 25 جنوری 2019ء کو آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش بزنس کے الکلی کلب کے گراؤنڈ پر شاندار آل پاکستان ہاکی ٹورنامنٹ کا انعقاد ہوا۔ جس کو الکلی ہاکی ٹورنامنٹ کے نام سے موسوم کیا گیا۔ اس ٹورنامنٹ میں پورے پاکستان سے 20 ٹیموں نے حصہ لیا۔

ٹورنامنٹ کا افتتاح الکلی کلب کمیٹی کے وائس پریذیڈنٹ ڈاکٹر راشد خان نے کیا۔ افتتاحی میچ ضلع سرگودھا اور چنیوٹ کی ہاکی ٹیموں کے درمیان کھیلا گیا۔

ٹورنامنٹ کا پہلا سیمی فائنل اسلام آباد اور سرگودھا کے درمیان اور دوسرا چک جھمرہ اور پیر پھلائی کے درمیان ہوا۔ فائنل سرگودھا اور چک جھمرہ کی ٹیموں کے درمیان ہوا۔ جو کہ سرگودھا کی ٹیم نے جیت لیا۔

فائنل میچ کے مہمان خصوصی عدیل مرزا انجنئرنگ منیجر آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش بزنس تھے، یہ میچ ہزاروں لوگوں نے دیکھا۔ جتنے دن ٹورنامنٹ جاری رہا۔ سوڈا ایش بزنس اور لوکل کمیونٹی کھیوڑہ میں میلے کا سماں رہا۔ لوکل کمیونٹی اور پورے پاکستان سے تشریف لانے والے ہاکی کے شائقین اور کھلاڑی ٹورنامنٹ کے بہترین انتظامات پر بہت خوش تھے۔

















# تقریب دستخط معاہدہ 2019-20

## مابین آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش اور سی بی اے یونین




















یونین اور کمپنی انتظامیہ کے درمیان صنعتی معاہدہ کا بر وقت خوش اسلوبی سے طے پاجانا نہ صرف صنعتی اداروں کے لئے بلکہ وہاں کام کرنے والے ایمپلائیز کے لئے بھی باعث سکون ہوتا ہے۔

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش بزنس کھیوڑہ میں ادارے کی سی بی اے یونین سے صنعتی معاہدہ برائے 2019-20 کے لئے گفت و شنید 3 ماہ جاری رہی۔ آخر کار 31 مارچ 2019 کو معاہدہ 2019-20 کے حوالے سے سی بی اے اور کمپنی انتظامیہ کے درمیان تمام معاملات بطریق احسن اور نہایت ہی خوش اسلوبی سے طے پاگئے۔

گفت وشنید کے دوران آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش بزنس کے سائیٹ ہیڈ محمد عمر مشتاق نے سی بی اے اور کمپنی انتظامیہ کی ٹیم کے ساتھ مکمل اور قریبی رابطہ رکھا۔ ان کی راہنمائی اور مدبرانہ مشاورت سے معاہدہ 2019-20 کی بروقت تکمیل نے ہر دو فریقین کی خوشی کو دوبالا کر دیا۔

اس معاہدے پر دستخط کی خوبصورت تقریب آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ آفس 63 مزنگ لاہور میں منعقد ہوئی۔ جس میں سہیل اسلم خان وائس پریزیڈنٹ سوڈا ایش / پولیسٹر نے خصوصی طور پر شرکت کی اور تمام رفقاء کو معاہدے کی تکمیل پر مبارکباد دی۔



ہمقدم

Published by Corporate Communications & Public Affairs Department
ICI House, 5 West Wharf, Karachi, 74000
Designed by AA Graphics / Printed by Appletree Graphics